★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 8 رجب المرجب 1446ھ 9 جنوری 2025ء 22 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 83

IMF نے بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس میں کمی کی حکومتی تجویز مسترد کردی

سرمایہ کاری سے متعلق آگے بڑھیں اور معاملات کو آگے لے کر جائیں، ہوم گرون کا آغاز ہوچکا ہے جس کے لیے جلد ہی اجلاس بلایا جائے گا

قرض پروگرام کے تحت نئے ٹیکسز سے چھوٹ نہیں دی جا سکتی، سیلز ٹیکس چھوٹ سے ٹیکس اہداف کا حصول ممکن نہیں رہے گا، آئی ایم ایف



کراچی، وزیراعظم شہباز شریف کا کراچی پہنچنے پر وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ استقبال کررہے ہیں

اسلام آباد (نیوز پی) عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف نے بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس میں کمی کی حکومتی تجویز مسترد کردی۔ میڈیا کے مطابق بجلی کے بلوں پر 18 فیصد جی ایس ٹی و مرتبہ عائد ہے، ایک بار بل کی مجموعی رقم پر 18 فیصد ٹیکس لگ جاتا ہے اور دوسری مرتبہ فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ پر بھی سیلز ٹیکس لیا جاتا ہے، صارفین کے بجلی کے بلوں پر سیلز ٹیکس میں کمی پر حکومت نے آئی ایم ایف سے رائے مانگی جس پر عالمی مالیاتی ادارے نے وزارت قانون (بقیہ نمبر 10)

عمران خان کی عرب ممالک سے متعلق پروپیگنڈا سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی مذمت، اخلاقی کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان نے (بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم کا دورہ کراچی، سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کے گھر آمد

شرجیل میمن نے وزیراعظم و دیگر معزز مہمانوں کو سندھی ٹوپی کے تحائف بھی پیش کیے

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف بدھ کو دورہ کراچی کے موقع پر سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کے گھر گئے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وزراء احسن اقبال، سید نوید قمر، مرتضیٰ وہاب، صدیق الفاروق، عطا تارڑ بھی وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کے گھر پہنچے۔ جہاں وزیراعظم کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اطلاعات سندھ کے مطابق اس (بقیہ نمبر 2)

علیمہ خان کی پارٹی پر اجارہ داری کیلئے کوششیں، واٹس ایپ گفتگو منظر عام پر

ہری سنائی باتوں پر یقین کریں کونسی سنائیں کچھ کہتی سکتا ہاں باتیں چھین لو، مریم نواز

واٹس ایپ پر کی گئی گفتگو میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی اپنے بھائی کو سیاسی مفادات کے لئے استعمال کرنے کے شواہد سامنے آئے

واٹس ایپ میسجز میں علیمہ خان کی بانی پی ٹی آئی کی جیل میں قید کو سیاسی مقاصد اور پارٹی پر اجارہ داری کیلئے استعمال کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے

اسلام آباد: بانی تحریک انصاف کی بہشیرہ علیمہ خان کی پارٹی پر اجارہ داری کے لیے کوششیں اور شواہد منظر عام پر آگئے۔ پی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق واٹس ایپ پر کی گئی گفتگو میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی اپنے بھائی کو سیاسی مفادات کے لئے استعمال کرنے کے شواہد سامنے آئے ہیں، ان واٹس ایپ میسجز میں علیمہ خان کی بانی پی ٹی آئی کی جیل میں قید کو سیاسی مقاصد اور پارٹی پر اجارہ داری (بقیہ نمبر 64)

حسان نیازی کو 10 سال قید ہوئی، اس کے والدین سے پوچھیں کیا بیت رہی ہے، حسان نیازی جب 10 سال بعد رہا ہوگا تو دنیا بدل چکی ہوگی، حسان نیازی بانی پی ٹی آئی کا بھانجا اور کپتان بھی ہے

تہذیب کے دائرے میں بھی سیاسی مخالفت ہوسکتی ہے، کون آپ کیلئے کام اور کون بربادی کا سامان کر رہا ہے فیصلہ آپ نے کرنا ہے، کسی پر بہتان لگانا بہت بڑا گناہ ہے، آپ مکافات عمل ہی بھگت رہے ہیں

سرگودھا (نیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ کوئی سیاست چوں کو کہتی ہے کسی سے اس کا مال باپ چھین لو سرگودھا یونیورسٹی میں ہونہار طلبا میں سکالرشپس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب میں مریم نواز نے کہا کہ کسی کے اقتدار کے لائح کا ایجنڈہ نہیں بنایا، حسان نیازی کو 10 سال قید ہوئی، اس کے والدین سے پوچھیں کیا بیت رہی ہے، حسان نیازی جب 10 سال بعد رہا ہوگا (بقیہ نمبر 1)

معاشی ترقی کیلئے سب کے ساتھ مل بیٹھنے کو تیار ہوں، وزیر اعظم



وزیراعظم شہباز شریف کراچی میں پاکستان سٹاک ایکسچینج کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی معیشت دوبارہ اپنے قدموں پر کھڑی ہورہی ہے، ہمارا ہدف معاشی نمو ہے، ملک کو ترقی کے راستے پر لے جانے کے لیے تیار ہوں، معیشت میں مزید ترقی کے لیے ماہر معیشت ہماری رہنمائی فرمائیں

معاشی ترقی کا آغاز ہوچکا، معاشی ترقی کیلئے سب کیساتھ مل بیٹھنے کو تیار ہوں، ملک کا ٹیکس سلیب نظام معیاری نہیں، معیشت میں مزید بہتری کے لیے ماہرین کی تجاویز درکار ہیں، شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے لیے سب کے ساتھ مل بیٹھنے کو تیار ہوں، ملک کا ٹیکس سلیب نظام معیاری نہیں، معیشت کی بہتری کے لیے ماہرین کی تجاویز درکار ہیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 6)

پنجاب حکومت نے اسلحہ لائسنس برانچ کا پورا عملہ تبدیل کردیا

اقدام اسلحہ برانچ کی کارکردگی اور احتساب کا عمل بہتر بنانے کیلئے اٹھایا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اسلحہ لائسنس برانچ کا پورا عملہ تبدیل کردیا گیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحے کی فروخت اور مرمت کے عمل میں شفافیت کیلئے حکومت نے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے اسلحہ لائسنس برانچ کا پورا عملہ تبدیل کردیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحے کی خرید و فروخت اور مرمت کے عمل میں شفافیت کیلئے صوبہ بھر کے ڈپٹی کمشنرز کو اسلحہ جاری کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ کیرٹ کی (بقیہ نمبر 4)

عمران خان کی بہنوں سے فون پر بات کرانے کا اخبار فراہم کرنے کی درخواست

بانی پی ٹی آئی کی وکیل نے سیشن جج سینٹرل شاہ رخ ارجمند کی عدالت میں دائر کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی جانب سے بہنوں عظمیٰ خان اور سلمان سے فون پر بات کرانے، پی ٹی وی کی سہولت بحال کرنے اور ڈان اخبار فراہم کرنے کی درخواست دائر کردی گئی۔ اڈیالہ جیل سینٹرل شاہ رخ ارجمند جیل ٹرائل کے دوران (بقیہ نمبر 8)

عوامی خدمت کے اس سفر کو جاری رکھا جائیگا: ملک احمد خان

سماجی خدمات کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ قائم مقام گورنر پنجاب

لاہور (خبر نگار) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت گورنر ہاؤس لاہور میں عوامی خدمت کمیٹی قصور کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں کمیٹی کے ممبران کو ان کی شاندار رفاہی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈز سے نوازا گیا۔ قائم مقام گورنر پنجاب (بقیہ نمبر 12)

ایف بی آر نے 2025-26 کی بجٹ سازی کا کام شروع کردیا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے آئندہ مالی سال 2025-26 کی بجٹ سازی (بقیہ نمبر 7)



لاہور: قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان گورنر ہاؤس میں عوامی خدمت کمیٹی قصور کے ممبران کو رفاہی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈز دے رہے ہیں

ملک کنجوسائیں کرے والوں کو معافیاں اور ایسا نہیں ملک عظیم بنیاد رکھی

مریم نواز کے خلاف 2014 سے گھٹیا مہم چل رہی، جو ان کی کارکردگی کا مقابلہ نہیں کرسکتے وہ ان پر کیچڑ اچھال رہے ہیں، بیان

لاہور (سیاسی رپورٹر) ذرائع اطلاعات پنجاب شعلی بخاری نے کہا ہے کہ ملک کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو معافیاں اور این آر او نہیں ملتے، اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ ایک شیطانی سوچ والے شخص اور خصوصی جماعت نے جو انہوں نے برین واشنگ کی، 9 مئی اور 26 (بقیہ نمبر 3)

پشاور ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو گنڈاپور کیخلاف کارروائی سے روک دیا

عدالت نے الیکشن کمیشن کی جانب سے علی امین گنڈاپور کو بھیجا گیا 20 نومبر کا نوٹس بھی معطل کردیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے امین گنڈاپور کو بھیجا گیا 20 نومبر کا نوٹس معطل کردیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی (بقیہ نمبر 14)

خیبر پختونخوا میں پولیو کے ایک اور کیس کی تصدیق ہوگئی

ٹانک کی یونین کونسل ننڑہ میں 13 ماہ کی ایک بچی مہلک وائرس کا شکار ہوئی ہے

ٹانک (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پولیو وائرس کے ایک اور کیس کی تصدیق ہوگئی، مجموعی طور پر ملک میں 13 ماہ کی بچی مہلک وائرس کا شکار ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں پولیو وائرس کے (بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی مالیاتی بحران کا شکار، اراکین اسمبلی سے فنڈز مانگ لیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف شدید مالیاتی بحران کا شکار (بقیہ نمبر 9)

پاکستان کمزور ترین پاسپورٹ رکھنے والا 5 واں ملک قرار

اسلام آباد (این این آئی) 2025 کی پہلی ششماہی کیلئے دنیا بھر کے طاقتور (بقیہ نمبر 11)

خام تیل کی قیمت میں مسلسل اضافہ، قیمت ڈھائی ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں مسلسل (بقیہ نمبر 30)

بھارتی سیکورٹی فورسز کی سرینگر سینٹرل جیل میں قرآن پاک کی بے حرمتی

سری نگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی کی قابض فورسز کے اہلکاروں نے سری نگر سینٹرل جیل میں چھاپہ مار کارروائی کی آڑ میں (بقیہ نمبر 28)

خیبر پختونخوا کے تمام انتظامی سیکرٹریز سے اثاثوں کی تفصیلات طلب

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے تمام انتظامی سیکرٹریز سے اثاثوں کی تفصیلات طلب کر لی گئیں۔اس حوالے سے محکمہ (بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی کا انتخابات میں دھاندلی کیس سے متعلق عدالت سے رجوع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے انتخابات میں (بقیہ نمبر 15)

عمران خان نے اداروں پر تنقید نہ کرنے پر رضامندی ظاہر کردی، ذرائع کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی اور سابق (بقیہ نمبر 16)

دی پی این ایل کے بڑھتے استعمال سے انٹرنیٹ انفراسٹرکچر پر دباؤ زیرِ مبادلہ کو نقصان پہنچنے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی تحقیقات میں پاکستان میں انٹرنیٹ کی سست روی اور خلل کے باعث انٹرنیٹ انفرا اسٹرکچر اور غیر ملکی زرمبادلہ کو (بقیہ نمبر 25)





لاہور: محنت کش مفرل فروخت کر رہا ہے

ملک میں حکومت نہیں مہنگائی کی رٹ قائم ہے، جے یو آئی

عوام کو سکھ دکھانے کی بجائے تجربہ کار حکومت کی کارکردگی صرف اشتہارات ٹک ٹاک پر نظر آتی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک میں حکومت نہیں مہنگائی کی رٹ قائم ہے، نااہل ترین حکومت کے تمام تر دعوؤں کے باوجود مہنگائی سے عام آدمی کی قوت خرید کم ہوگئی ہے، عوام کو سکھ دکھانے کی بجائے تجربہ کار حکومت کی کارکر گی صرف اشتہارات ٹک ٹاک پر نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معاشی طور پہ نہیں سنبھل پا رہا مہنگائی کہاں کم ہو رہی ہے اس کا عام آدمی سے پوچھیں جس سے کھانے پینے کی اشیا خریدنے کی سکت ختم ہو کر رہ گئی ہے مگر اس کے باوجود حکمران روزانہ قوم کے سامنے جھوٹ بولتے ہیں کہ مہنگائی کم ہو رہی ہے، انہوں نے کہا جے یو آئی کی جدوجہد محض انتخاب کے لیے نہیں ہم قوم کی بیداری چاہتے ہیں تاکہ وہ اپنے حقوق کے لیے اٹھ کھڑی ہو اس وقت حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کی وجہ سے کسان، سرکاری ملازمین، اور عوام بری طرح متاثر ہو چکے ہیں۔

حکومتی لوگوں کا مذاکرات پر پراپیگنڈا، ازخود نتائج مرتب کرنا افسوسناک ہے، مسرت چیمہ

بانی پی ٹی آئی عمران خان واضح کر چکے ہیں وہ کسی طرح کی ڈیل نہیں کریں گے، سینئر رہنما

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت کے بعض لوگ مذاکرات کے حوالے سے پراپیگنڈا اور ازخود نتائج مرتب کر رہے ہیں جو انتہائی افسوسناک ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان واضح کر چکے ہیں کہ وہ کسی طرح کی ڈیل نہیں کریں گے، پی ٹی آئی کے نظریاتی کارکنان کا عزم اور حوصلہ بلند ہے وہ کسی طرف سے ہونے والے پراپیگنڈے سے ہرگز متاثر نہیں ہوں گے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں مذاکرات میں پیشرفت کی بات کی لیکن حکومت کے بعض لوگ اس پر منفی پراپیگنڈا اور بدگمانیاں پھیلا رہے ہیں، اگر حکومتی ذمہ داران مذاکرات میں سنجیدہ ہیں تو انہیں ایسے لوگوں سے ضرور پوچھ گچھ کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت یکطرفہ ٹریفک چلانا چاہتی ہے جو ممکن نہیں، پی ٹی آئی کے کارکنان عمران خان سے والہانہ اور بے غرض محبت کرتے ہیں اور اس کی وجہ عمران خان کی اپنے ملک اور عوام سے غیر متزلزل کمٹمنٹ ہے۔

2024، 1 لاکھ 70 ہزار 621 سٹوڈنٹس نے ڈرائیونگ سکولز سے تربیت حاصل کی

2025 میں ٹریفک ڈرائیونگ سکولز کی تعداد کو مزید بڑھائیں گے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس نیڈ ڈرائیونگ سکولز کی 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ سال 1 لاکھ 70 ہزار 621 سٹوڈنٹس نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کی، ڈرائیونگ سیکھنے والوں میں 149748 مرد اور 19892 خواتین شامل ہیں، صوبہ بھر میں 360 سے زائد ٹرانسجینڈرز کو بھی مفت ڈرائیونگ کی تربیت فراہم کی گئی۔ ترجمان کے مطابق سال 2024 میں ٹریفک ڈرائیونگ سکولز کے سٹوڈنٹس کی تعداد میں 295 فیصد اضافہ رہا۔ سال 2024 میں پولیس ڈرائیونگ سکول کی تعداد کو بڑھا کر 128 کیا گیا، ملکی تاریخ میں پہلی بار تعلیمی اداروں میں ڈرائیونگ سکول بنائے گئے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کے مطابق سال 2025 میں ٹریفک ڈرائیونگ سکولز کی تعداد کو مزید بڑھائیں گے، ٹریفک ڈرائیونگ سکولز میں خواتین کو موٹر سائیکل کی تربیت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثات کی روک تھام کیلئے ڈرائیونگ سکولز کا قیام لازمی ہے، شاہراہوں پر حادثات قسمت سے نہیں بلکہ ہماری غفلت و لاپرواہی سے ہوتے ہیں، پہلے سیکھیں اور پھر ڈرائیو کریں کے طرز عمل کو اپنانا ہوگا۔



لاہور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کا استحکام آئین وقانون کی حقیقی بالادستی میں ہی پوشیدہ ہے، جاوید قصوری

ملک سیاسی انتشار اور بے یقینی کا شکار، اس نے ہر شعبے کو بری طرح متاثر کیا ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پاکستان کا استحکام آئین وقانون کی حقیقی بالادستی میں ہی پوشیدہ ہے اور اس ضرورت کو یقینی بنانے کے لیے عارضی، ناپائیدار فیصلوں اور اقدامات کے بجائے طویل المدتی اور مستحکم پالیسیاں اختیار کیے جانے کی ضرورت ہے، معاشی و سیاسی استحکام درحقیقت قانون کی عملدار پہ منحصر ہے، بدقسمتی سے وطن عزیز کو اپنے قیام سے ہی جن لامتناہی مسائل کا سامنا رہا ہے ان میں سب سے کلیدی مسئلہ محب وطن قیادت کا فقدان رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز منصورہ میں تربیتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک سیاسی انتشار اور بے یقینی کا شکار ہے اس سے ہر شعبے کی طرح ملک کی معیشت بھی بہت بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ آج کل ملک کا ہر باشندہ ملکی معیشت کی تباہ حالی اور سیاسی انتشار اور عدم استحکام کی صورتحال سے پریشان ہے اور ہر پاکستانی کو ان خطرات کا ادراک ہے کہ یہ صورتحال ملک کی بقاء اور سلامتی کے لیے حقیقی طور پر سنگین خطرات کا موجب ہے۔ المیہ یہ ہے حکمرانوں کو اس بات کا ادراک ہی نہیں اور وہ اپنی عیاشیوں میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقتصادی بحران کی سنگین صورتحال درپیش ہے اور معیشت کی ابتری کی یہ صورتحال موجودہ نااہل اور کرپٹ حکمرانوں سے کنٹرول ہوتی ہوئی نظر نہیں آتی۔ ملک میں سیاسی استحکام کے لیے سیاسی عناصر کو بات چیت کے ذریعے معاملات، مسائل کو حل کرنا چاہیے۔

''اڑان پاکستان'' کی خواہشوں کو تکمیل تک لیجانے کیلئے غیر معمولی کارکردگی دکھانا ہوگی، ریونیو ایڈوائزرز

لاہور (این این آئی) ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے کہا ہے کہ ''اڑان پاکستان'' میں پرجوش ترقیاتی اہداف دیئے گئے ہیں لیکن اسے خواہشوں سے تکمیل تک لے جانے کے لئے حکومت کو غیر معمولی کارکردگی اور صلاحیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ہمیں یہ یاد رکھنا ہوگا کہ 2010 اور پھر 2015 میں بھی اسی طرح کی امیدیں ظاہر کی گئی تھیں جن میں یہ پیشگوئی کی گئی تھی کہ 2025 تک برآمدات 150 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گی لیکن حقیقت سب کے سامنے ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کو تجویز ہے کہ پانچ سالہ منصوبے پر پیشرفت سے قبل اس کا کسی ترقی کرتے ملک کی معیشت سے تقابلی جائزہ لیا جانا چاہیے، تجربہ کار ماہر اقتصادیات اسٹیفن ڈرکون نے جو تجاویز تیار کی تھیں ان کی حکمت عملی میں بنیادی اصلاحات پر زور دیا گیا تھا جن میں تجارتی محصولات کو معقول بنانا، ٹیکس کے دائرے کو وسیع کرنا اور نجی شعبے کو بااختیار بنا کر مسابقت کو بڑھانا شامل تھا۔

پی ٹی آئی کے جھوٹے بیانیے کو شکست، پاکستان میں معاشی استحکام آ رہا ہے، احسن افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا ہر بیانیہ نئے جھوٹ اور نئی کہانی پر مبنی ہوتا ہے، عوام کو جلسے جلوسوں کے سوا کچھ نہیں دیا انہیں صرف اپنے مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا، جھوٹے بیانیے کو شکست ہوئی اب پاکستان میں معاشی استحکام آ رہا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پی ٹی آئی کا 35 پنکچرز سے لیکر اب تک سارا بیانیہ جھوٹ پر مبنی ہے۔

محکمہ ایکسائز کا غیر رجسٹرڈ گاڑیوں، ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف آپریشن جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی جانب سے غیر رجسٹرڈ گاڑیوں اور ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف فیلڈ آپریشن جاری ہے اور صوبہ بھر میں 35 سے زائد مقامات پر لگائے گئے ناکوں 10008 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ترجمان کے مطابق 10008 گاڑیوں میں سے 380 گاڑیاں غیر رجسٹرڈ تھیں، 1043 گاڑیوں کا ٹوکن ٹیکس ادا نہیں کیا گیا تھا۔ نادہندگان کے ذمے ایک کروڑ 37 لاکھ 86 ہزار 154 روپے واجب الادا تھے جس میں سے ایک کروڑ 28 لاکھ 47 ہزار 175 روپے کی رقم موقع پر ہی وصول کر لی گئی۔

حکومت سودی نظام کے خاتمہ کیلئے عملی اقدامات کرے، سنی علماء کونسل

حکومت وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ کی روشنی میں معاشی پالیسیاں تشکیل دے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکومت سودی نظام کے خاتمہ کیلئے عملی اقدامات کرے، ملک سے سودی نظام کا خاتمہ اور اسلامی نظام کا نفاذ حکومت کی آئینی اور قانونی ذمہ داری ہے، حکومت وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ کی روشنی میں معاشی پالیسیاں تشکیل دے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک حکمران آئی ایم ایف کے شکنجے سے نہیں نکلیں گے سودی نظام سے جان نہیں چھڑا ئیں گے پاکستان ترقی وخوشحالی حاصل نہیں کر سکتا اور معاشی بحران سے نہیں نکل سکتا کیونکہ سود کا نظام اللہ تعالی سے جنگ کا نظام ہے جس میں تباہی بدحالی اور پریشانی کے علاوہ کچھ نہیں ہے، پاکستان قدرت کی نعمتوں سے مالا مال ہے ہم نے اپنے وسائل پر توجہ نہیں دی مسائل بڑھ گئے اللہ تعالی کی طرف رجوع کرنے کی بجائے غیروں کی طرف رجوع کیا۔



چغتائی لیب آڈیٹوریم میں علامہ اقبال کی کتاب زبور عجم کے لیکچر کے بعد بریگیڈیئر ڈاکٹر وحید الزماں طارق کے ساتھ علامہ محمد فاروق اکرم اور دیگر معزز مہمانوں کے ساتھ علمی گروپ فوٹو

مذاکرات کے ذریعے ہر مسئلے کا حل نکالا جا سکتا ہے، رانا جمیل منج

ہم بھٹو شہید کی روایت کے مطابق عوام کی خدمت جاری رکھیں گے، جنرل سیکرٹری لاہور

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ مذاکرات کے ذریعے ہر مسئلے کا حل نکالا جا سکتا ہے، ہم بھٹو شہید کی روایت کے مطابق عوام کی خدمت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے، ملک وقوم اور جمہوریت کے لیے اپنی جان کی قربانی دینے والے شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستان کے عوام کے دلوں میں آج بھی زندہ ہیں اور رہتی دنیا تک ہمیشہ تاریخ میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کا نام سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ بھٹو شہید کا دور حکومت آئین پاکستان کی تشکیل نو اور عدلیہ کی آزادی کے لیے اہم اقدامات کا دور تھا جس نے پاکستان کی جمہوریت کو مستحکم کیا۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ایٹمی ٹیکنالوجی اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے میزائل ٹیکنالوجی دے کر ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔

کرم میں قیام امن کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں، قاری اعظم حسین

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ کرم میں قیام امن کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں، حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کہ دونوں فریقوں کے درمیان ہونے والے معاہدے کی پاسداری کرائے۔

پنجاب اسمبلی کا اجلاس کل شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس کل (جمعہ) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اپوزیشن کی ریکوزیشن پر قائمقام اسپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے اجلاس طلب کیا ہے۔ پنجاب اسمبلی کا پارلیمانی سال 22 فروری کو مکمل ہوگا، ابھی تک 87 روز کا اجلاس ہوا ہے اور 13 روز کا اجلاس باقی ہے۔

پھولنگر، موٹر سائیکل ٹرالر کی زد میں آ گیا، ماں دو بیٹیوں سمیت جاں بحق، باپ زخمی

پھولنگر (این این آئی) نیشنل ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں ماں دو بیٹیوں سمیت جاں بحق جبکہ باپ شدید زخمی ہوگیا، ریسکیو نے لاشوں اور زخمی کو پھولنگر ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق موٹر سائیکل سوار مانگا منڈی سے سرائے مغل جا رہی تھی کہ نیشنل ہائی وے پر دینہ ناتھ کے قریب موٹر سائیکل سوار ٹرالر کی زد میں آ گئے، حادثے میں موٹر سائیکل سوار بچوں کی ماں 30 سالہ یاسمین، اس کی بیٹیاں 8 سالہ عرفہ اور 5 سالہ خدیجہ موقع پر جاں بحق ہوگئیں۔

لاہور: بادامی باغ منڈی میں مزدور پھلوں کے کریٹ اٹھا کر لے جا رہا ہے

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا لاہور میں بڑا چھاپہ

5300 سولیٹر کولڈ ڈرنکس، 2500 لٹر جوس، 600 لٹر پیک دودھ اور 1 من سے زائد جعلی اشیا تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی سال نو میں جعلسازی کا ہر حربہ ناکام بنانے کے لیے ان ایکشن، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم فوڈ سیفٹی ٹیموں نے لاہور میں بڑا چھاپہ مار کر 5300 سولیٹر کولڈ ڈرنکس، 2500 لٹر جوس، 600 لٹر پیک دودھ اور 1 من سے زائد جعلی اشیا تلف کر دیں، جعلسازی کا مکروہ دھندہ کرنے پر یونٹ مالک کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ اس حوالے سے ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ یونٹ میں مختلف برانڈز کی جعلی اشیا کی تیاری کی جا رہی تھی، جعلی ناقص کولڈ ڈرنکس، جوس، میٹھا دودھ، چیونگم اور مختلف کی پیکنگ کی جا رہی تھی۔ یونٹ سے برآمد شدہ تمام ایکسپائر خام مال ضبط کر لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ بغیر منظور شدہ فارمولا کولڈ ڈرنکس اور جوس تیار کیے جا رہے تھے، مختلف ممنوعہ کیمیکلز اور اجزا کی ملاوٹ سے چیونگم اور سنیکس تیار کیے جا رہے تھے۔



لاہور: بزرگ خاتون نے اہل خانہ کی کفالت کیلئے ہال روڈ مارکیٹ میں پراٹھوں کا سٹال لگا رکھا ہے



لاہور: محنت کش میاں بیوی گدھا ریڑھی پر مونگ پھلی اور اخروٹ فروخت کر رہے ہیں

پاکستان ٹیکس بار نے چیئرمین اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو سے 6 ماہ کے فیصلوں کی تفصیلات مانگ لیں

ترمیمی ایکٹ کے نفاذ کو 6 ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا، حقیقت بتائی جائے اپیل سسٹم میں تبدیلی کے کیا نتائج برآمد ہوئے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے چیئرمین اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو توقیر اسلم کو خط لکھ کر گزشتہ 6 ماہ کے فیصلوں کی تفصیلات فراہم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ پاکستان ٹیکس بار کے صدر انور کاشف ممتاز، سینئر نائب صدر زاہد عتیق چودھری، فاروق مجید، نائب صدر عاشق علی رانا، طاہر بشیر مغل، ملک صولت ستار، جنرل سیکرٹری ریحان صدیقی، جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر اور سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا کہ 3 مئی کو ٹیکس قوانین کے حوالے سے جو ترمیم منظور ہوئی اس میں ایف بی آر کے اپیل سسٹم میں تبدیلی کی گئی، 20 ملین کیس اپیل کمشنر اور اس سے زیادہ کے کیسز اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو کے دائرہ اختیار میں ہوں گے اور ہر کیس کا فیصلہ 90 دن میں کیا جائے گا، ٹیکس قوانین میں اہم ترامیم کا مقصد یہ تھا کہ عدالتوں میں زیر التواء اربوں روپے کے کیسز کا جلد فیصلہ ہو۔ اس تبدیلی کے بعد بھی مقررہ وقت گزر جانے کے باوجود بھی فیصلے نہیں ہوئے اور احکامات پر عملدرآمد کے حوالے سے سنگین شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 132 کی ذیلی دفعہ ون کی فراہمی کے مطابق اپیل دائر کرنے کے 90 دنوں کے اندر فیصلہ کیا جائے۔ ٹیکس قوانین ترمیمی ایکٹ 2024 کے نفاذ کو 6 ماہ سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے۔

ملک میں کہیں حکومتی رٹ نہیں، ہر طرف بدامنی کا راج ہے، جے یو آئی

دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات حکومتی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک میں کہیں حکومتی رٹ نہیں ہر طرف بدامنی کا راج ہے، کراچی سے آزاد کشمیر اور بلوچستان سے پارا چنار تک ہر طرف دہشت گردی اور خون ہی نظر آ رہا ہے، ملک میں دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات حکومت کی کارکردگی پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آخر پارا چنار میں امن معاہدہ ہونے کے باوجود حکومت وہاں قیام امن کیلئے عملی اقدامات کیوں نہیں کر سکی؟ بلوچستان میں آئے روز دہشتگردی کے واقعات ہو رہے ہیں حکومت کہاں ہے؟۔



لاہور: بادامی باغ منڈی میں مزدور پھلوں کے کریٹ اٹھا کر لے جا رہا ہے

یوریا کی کھپت میں گزشتہ کیلنڈر سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر کمی

6577000 ٹن یوریا کی کھپت ریکارڈ کی گئی، 2023 میں 6642000 ٹن یوریا کی کھپت ریکارڈ کی گئی تھی

لاہور (این این آئی) ملک میں یوریا کی کھپت میں گزشتہ کیلنڈر سال کے دوران سالانہ بنیادوں پر نمایاں کمی ہوگئی۔ اعداد وشمار کے مطابق کیلنڈر سال 2024 کے دوران ملک میں 6577000 ٹن یوریا کی کھپت ریکارڈ کی گئی جو سال 2023 کے مقابلہ میں ایک فیصد کم ہے۔ سال 2023 میں ملک میں 6642000 ٹن یوریا کی کھپت ریکارڈ کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق دسمبر میں 991000 ٹن یوریا کی کھپت ہوئی جو دسمبر 2023 کے مقابلہ میں 58 فیصد زیادہ ہے۔ دسمبر 2023 میں ملک میں 628000 ٹن یوریا کی کھپت ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب یوریا کے برعکس ڈی اے پی کی کھپت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے کیلنڈر سال 2024 کے دوران ملک میں 1641000 ٹن ڈی اے پی کی کھپت ریکارڈ کی گئی جو کیلنڈر سال 2023 کے مقابلہ میں 4 فیصد زیادہ ہے۔ کیلنڈر سال 2023 میں 1576000 ٹن ڈی اے پی کی کھپت ریکارڈ کی گئی تھی۔ دسمبر میں ملک میں 152000 ٹن ڈی اے پی کی کھپت ہوئی جو دسمبر 2023 کے مقابلہ میں 15 فیصد زیادہ ہے۔ دسمبر 2023 میں ملک میں 88000 ٹن ڈی اے پی کی کھپت ریکارڈ کی گئی تھی۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا جعلساز مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

500 کلو فنگس زدہ مالٹے، 400 کلو گندے، کیڑے لگے انڈے تلف کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے جعلساز مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے جوس فیکٹری، سنیکس یونٹ، بیکری سمیت 7 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی، گندے انڈوں کے استعمال سے سنیکس تیار کرنے پر یونٹ بند، ناقص انتظامات پر جوس فیکٹری کو 1 لاکھ جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ جبکہ 500 کلو فنگس زدہ مالٹے اور 400 کلو گندے، کیڑے لگے انڈے تلف کر دیئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ گندے کیڑے لگے انڈوں سے سنیکس تیار کرنے پر یونٹ کو بند کیا گیا، انتہائی لازم ریکارڈ عدم موجود، صفائی کے ناقص انتظامات پائے گئے۔ فنگس زدہ مالٹوں سے جوس پلپ تیار کرنے پر فیکٹری کو ایک لاکھ کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی قوانین کے خلاف خوراک کے کاروبار کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، معیاری خوراک کی فراہمی کے مشن کی تکمیل کے لیے تیمیں دن رات کارروائیاں کر رہی ہیں۔

دستک ایپ کا دائرہ کار 40 اضلاع تک وسیع کرنے کے فیصلے کو سراہنے کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (این این آئی) دستک ایپ کا دائرہ کار 40 اضلاع تک وسیع کرنے کے فیصلے کو سراہنے کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کروا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کروائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا سٹک ایپ کا دائرہ کار پنجاب بھر تک وسیع کرنا قابل تعریف ہے، دستک ایپ کے ذریعے لاکھوں افراد گھر بیٹھے برتھ سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل، ایف آئی آر کاپی سمیت درجنوں سہولیات حاصل کر سکیں گے۔

گورنمنٹ میاں منشی ہسپتال میں ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے، نواز قادری

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سوشل میڈیا رہنما شیخ محمد نواز قادری نے گورنمنٹ میاں منشی ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ نے مریضوں کیلئے ادویات کی خریداری ہی نہیں کی اور جن ادویات کی خریداری کی بھی گئی تھی۔

لاہور: خانہ بدوش بچے کوڑے کے ڈھیر سے کارآمد اشیا تلاش کر رہے ہیں

امریکی غلامی سے نجات ہی پاکستان کے تمام مسائل کا حل ہے، ساجد میر

مفادات کی خاطر امریکہ کو باپ بنا لینا کون سی حب الوطنی ہے؟ سربراہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سربراہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ امریکی غلامی سے نجات ہی پاکستان کے تمام مسائل کا حل ہے، مفادات کی خاطر امریکہ کو باپ بنا لینا کون سی حب الوطنی ہے؟۔ وہ مرکزی جمعیت اہلحدیث سعودی عرب کے امیر مولانا عبدالمالک مجاہد کی طرف سے ریاض میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ناظم اعلی حافظ عبدالکریم بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ ہمارے حکمرانوں کو ملک کی سلامتی کے تحفظ کی فکر کرنی چاہیے۔ ماضی گواہ ہے کہ امریکی مداخلت سے ہمیشہ علاقائی امن وسلامتی کے لئے سنگین خطرات پیدا ہوئے، کمزور اور غیر مثر خارجہ پالیسی کی وجہ سے پاکستان کے مسائل میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو فرقہ وارانہ بنیادوں پر لڑانے کا غیر ملکی ایجنڈا کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اگر امریکہ ہی کے بس میں سب کچھ ہوتا تو ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر نواز شریف تک ہمارے سیاسی رہنما نہ تو اسلامی سربراہی کانفرنس کا انعقاد کر پاتے، نہ ایٹمی پروگرام شروع ہوتا اور نہ ہی ایٹمی دھماکے ہوتے، ملک کو ایسے سیاست دانوں سے نجات دلانے کی ضرورت ہے جو امریکہ کی خوشنودی کیلئے ملکی مفاد کو بھی نظر انداز کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیح ہمارا ملک ہونا چاہیے، اس کی ترقی و خوشحالی امن کے قیام میں ہی مضمر ہے اور ہم ملک میں وحدت، بھائی چارے اور امن کے قیام کیلئے سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کیلئے تمام مکاتب فکر کو ایک دوسرے کے قریب لائیں گے۔

بغض عمران خان، پی ٹی آئی میں خیبر پی کے حکومت کیخلاف وائٹ نہیں فرمائشی پیپر جاری کیا گیا، مسرت چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے بغض عمران خان اور پی ٹی آئی میں خیبر پختونخوا حکومت کے خلاف وائٹ نہیں بلکہ فرمائشی پیپر جاری کیا، طاقت کے نشے اور سیاسی مخالفت میں ایک صوبے کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جبکہ عوام حقیقت میں وفاقی اور پنجاب حکومت کی بدترین گورننس، خودنمائی اور کرپشن کے خلاف ہر روز بلیک پیپر جاری کر رہے ہیں

بیتا برس شیریں وخوشگوار یادیں چھوڑنے کے ساتھ نئی اُمیدوں اور اُمنگوں کے چراغ جلا گیا ہے، چیئرمین الحمراء رضی احمد

لاہور (این این آئی) چیئرمین الحمراء رضی احمد اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء توقیر حیدر کاظمی نے نئے سال کی آمد پر اپنے پیغامات میں پوری قوم خصوصاً لکھاریوں، دانشوروں، ادیبوں، شاعروں، مصوروں، اداکاروں، آرٹسٹوں، گلوکاروں کو مبارکباد دی ہے اور اپنی ادبی وثقافتی کامیابیوں کو نئی نسل کے نام کیا ہے جن سے ملک وقوم کا سنہری مستقبل پیہم ہے۔ رضی احمد نے کہا کہ نیا برس جواں عزموں، آرزوؤں اور ارادوں کے عزم نو کا باعث ہے، الحمراء نے 2024 میں بے شمار کارنامے سرانجام دیئے جو ماضی کے قرطاس پر ثبت ہوئے، آئندہ بھی الحمراء ہماری ادبی وثقافتی جدوجہد کا اظہار بنے گا۔

جماعت اسلامی وسطی پنجاب کے رہنماؤں کی لاہور پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب محمد جاوید قصوری، صوبائی سیکرٹری اطلاعات محمد فاروق چوہان اور ڈپٹی سیکرٹری محمد عمران الحق نے لاہور پریس کانفرنس کے نومنتخب صدر ارشد انصاری اور دیگر عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی صحافت نے ہمیشہ ملک میں آزادی اظہار، عوامی آگاہی اور حقائق کی روشنی میں قومی مباحثوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے، حقائق قوم تک پہنچانے اور اپنی ذمہ داری کو بخوبی سرانجام دیا ہے لیکن آج کل اس شعبے کو مختلف چیلنجز کا سامنا ہے جو اس کی آزادی اور غیر جانبداری کو متاثر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امید کرتے ہیں کہ نومنتخب صدر پریس کلب صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے اپنی خدمات سرانجام دیں گے اور ان کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال سینکڑوں صحافی اپنے فرائض کی تکمیل میں قربان ہو جاتے ہیں۔ سب سے بڑا چیلنج ریاستی مشینری کی جانب سے دباؤ ہے۔



لاہور: واسا ملازمین نے ایمپرس روڈ پر مین ہول پر ڈھکن لگانے کے دوران رکاوٹ کھڑی کر رکھی ہے



لاہور: اورنج لائن میٹرو ٹرین اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

نارنگ منڈی: چوروں اور ڈاکوؤں کی وارداتیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر اور گردونواح میں چوروں اور ڈاکوؤں کی وارداتیں اہل علاقہ 2 موٹر سائیکلوں لاکھوں روپے نقدی موبائل فونز اور قیمتی سامان سے محروم تفصیل کے مطابق صدر بازار سلطان سٹریٹ میں علی رضا کے اہلخانہ شادی پر گئے ہوئے تھے چور چھت کے راستے گھر میں داخل ہوکر سونے کی انگوٹھیاں بالیاں اور چاندی کے کنگن لے گئے ڈیرہ اشرف کا رہائشی دانش باکوال سے نارنگ آرہا تھا گجر چوک کے قریب ڈاکوؤں نے 71 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔

دیپالپور تھانہ صدر پولیس کی دبنگ کارروائی، منشیات فروش گرفتار

ملزم راشد کے قبضہ سے 03 کلو 500 گرام چرس برآمد ملزم کے خلاف منشیات فروش کے دھندہ میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور تھانہ صدر پولیس کی دبنگ کارروائی، دیپالپور منشیات فروش گرفتار ساڈھے تین کلو منشیات برآمد تھانہ صدر دیپالپور کا منشیات فروشوں کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن ایس ایچ او میاں فخر حیات وٹو کی اپنی ٹیم سکھ پور چوکی انچارج امتیاز شاہد کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے گرفتار ملزم راشد کے قبضہ سے 03 کلو 500 گرام چرس برآمد ملزم کے خلاف منشیات فروش کے دھندہ میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے گرفتار ملزم کیخلاف مقدمہ درج تفتیش کا آغاز ڈرک فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں

تمام شہری پولیس کے ساتھ تعاون کریں، اے ڈی شاہین ذیشان اکرم

یوسف والا پولیس شدید سردی کے موسم میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشش کر رہی ہے

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) یوسف والا پولیس شدید سردی کے موسم میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشش کر رہی ہے تمام شہری پولیس کے ساتھ تعاون کریں (اے ڈی شاہین ذیشان اکرم) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد۔ اور۔ اے ایس پی صدر سرکل کی زیر نگرانی پولیس تھانہ یوسف والا اور پولیس چوکی کیمبر شدید سردی کے موسم میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کوشش کر رہی ہے ایس ایچ او تھانہ یوسف والا ایڈی شاہین اور چوکی انچارج کیمبر ذیشان اکرم نے تھانہ یوسف والا میں موجود میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام شہری ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور پولیس کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ پولیس آپ کے تحفظ کے لیے سسٹم میں موجود ہے ہم شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ان شاء اللہ عوام اور میڈیا کے تعاون سے جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔


فیصل آباد: گورنر پنجاب کے فیصلے کے خلاف سابق وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی ڈاکٹر اقرار احمد خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گہری دھند میں گاڑی درخت سے ٹکرا کر تباہ، کار سوار بچ گئے

دھند کے دوران فوگ لیمپ ڈرائیور استعمال کریں، ڈاکٹر شفقت رسول انچارج ٹریفک ونگ

شدید دھند کے باعث وزیر آباد سیالکوٹ ون وے پر رحمت میرج کے نزدیک گزشتہ رات شدید دھند کی وجہ سے ڈرائیور سے گاڑی بے قابو ہو کر سڑک کنارے لگے سفیدے کے پیڑ سے ٹکرا گیا جس سے گاڑی دو درختوں کے درمیان پھنس کر تباہ ہوگئی مگر خوش قسمتی سے کار سوار محفوظ رہے۔ صبح موقع پر موجود ریڑھی بانوں کے مطابق یہ گاڑی گزشتہ رات اوور سپیڈنگ کیوجہ سے سڑک سے نیچے اترنے کے بعد بڑے درختوں میں ٹکرانے کے بعد پھنس گئی جس سے گاڑی فرنٹ گئی سے تباہی ہوئی مگر خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دوسری جانب انچارج ٹریفک ونگ سیالکوٹ ٹریفک پولیس ڈاکٹر شفقت رسول کا کہنا ہے کہ ڈرائیورز دھند میں فوگ کیمپس کا استعمال کرتے ہوئے سپیڈ کم رکھتے گاڑی احتیاط سے چلائیں۔

مصروف ترین شاہراہ کے قریب لگایا گیا بدھ بازار اہل علاقہ کیلئے ازیت بن گیا

ٹھیلے والوں نے سڑک کنارے قبضہ، جمالیا ٹریفک جام ایمبولینس اور گاڑیوں کے گزرنے کیلئے بھی جگہ موجود نہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مصروف ترین شاہراہ کے قریب لگایا گیا بدھ بازار اہل علاقہ کیلئے ازیت بن گیا ٹھیلے والوں نے سڑک کنارے قبضہ جمالیا ٹریفک جام ایمبولینس اور گاڑیوں کے گزرنے کیلئے بھی جگہ موجود نہیں مصروف ترین شاہراہ تھانہ روڈ پر ہر ہفتے بدھ بازار لگایا جاتا ہے سامان بیچنے والے سڑک پر ہی ڈیرے جما لیتے ہیں بچی کھچی جگہ پر پارکنگ بنا دی جاتی ہے جس سے گزرنے والوں کو شدید ازیت سے دوچار ہونا پڑتا ہے کئی کئی گھنٹے ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے متعدد بار انتظامیہ کے نوٹس میں دیا گیا ہے اس کے باوجود کوئی عملدرآمد نہیں کیا جاتا اہل علاقہ شدید پریشانی سے دوچار ہیں انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گزرنے والوں کیلئے پریشانی کا باعث بننے والے بدھ بازار کو آبادی اور روڈ سے دور کسی جگہ منتقل کیا جائے تا کہ اہل علاقہ کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

تھانہ یوسف والا کے علاقے اڈا قادر آباد پر گجر طیارہ کی تیز رفتار بس نمبر نے بی ار ایس 333 نے پرچی والے نوجوان وقاس کو روند ڈالا جس کی ٹانگیں ٹوٹ گئی

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) تھانہ یوسف والا کے علاقے اڈا قادر آباد پر گجر طیارہ کی تیز رفتار بس نمبر نے بی ار ایس 333 نے پرچی والے نوجوان وقاس کو روند ڈالا جس کی ٹانگیں ٹوٹ گئی حادثے کے بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ یوسف والا موٹروے پولیس اور ریسکو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں پولیس تھانہ یوسف والا نے بس کو قبضے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی جس کا رہائشی تعلق قریبی گاؤں سے بتایا جاتا ہے

محکمہ صحت کا ریسکیو 1122 سے معاہدہ طے پا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) محکمہ صحت کا ریسکیو 1122 سے معاہدہ طے پا گیا کسی بھی مریض کو جائے حادثہ یا گھر سے ہسپتال اور پھر دیہی مرکز صحت نارنگ سے کسی دوسرے ہسپتال ریفر کرنے کی صورت میں ڈاکٹر کی کال پر ریسکیو 1122 منتقل کیا کرے گا انکار کی صورت میں سخت کاروائی ہو گی ڈسٹرکٹ ریسکیو آفیسر 1122 شیخوپورہ رانا اعجاز احمد اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ شیخوپورہ ڈاکٹر صدیق بلوچ کی چیئرمین سٹی پریس کلب نارنگ شاہد یوسف سے گفتگو دیہی مرکز صحت نارنگ میں سرکاری ایمبولینس کی سہولت نہ ہونے سے اہل علاقہ کو مشکلات کا سامنا تھا

آصف خان ادائیگی عمرہ کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

بیت اللہ و روضہ رسول کی حاضری سے بڑی خواہش کی تکمیل ہوئی۔ سیکرٹری پاکستان ورکرز فیڈریشن



(عامر جاوید سے) سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن نار درن پنجاب آصف خان ادائیگی عمرہ کے بعد وطن واپس پہنچ گئے پاکستان ورکرز فیڈریشن نار درن پنجاب کے صدر و عہدیداران سمیت صحافتی تنظیموں کیجانب سے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ اس موقع پر آصف خان نے اپنے میڈیا بیان میں کہا کہ اللہ تعالیٰ کے بے پناہ فضل کرم رحمت کا شکر گزار ہوں کہ اس نے اپنے گھر اور پیارے حبیب کے دربار کی حاضری کا شرف بخشا۔ اس کے بعد اپنے تمام ساتھیوں اور عمائدین شہر کی محبتوں کا مشکور ہوں۔ بلاشبہ ہم گنہگاروں کیلئے زندگی میں عمرہ کی ادائیگی اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت ہے اپنے معبود کے گھر میں گڑگڑا کر اپنے گناہوں اور سرکشیوں کی معافی کا موقع فضل الٰہی ہے دعا ہے کہ ہر مسلمان کو اللہ تعالیٰ یہ سعادت نصیب فرمائے۔

جلد ایجوکیشن کمپلیکس کی نئی بلڈنگ میں شفٹ ہو جائینگے، مجاہد حسین علوی

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سیالکوٹ سرکاری تعلیمی اداروں کو مکمل سہولیات فراہم کر رہا ہے Ceo ایجوکیشن



(عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی تعلیمی پالیسیوں کے تسلسل کیلئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس تندہی سے سرکاری تعلیمی اداروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرتے ہوئے محکمہ ایجوکیشن کی اینڈ ومنٹ بڑھانے کے ٹاسک کو کامیابی کیساتھ مکمل کر رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر قیادت سرکاری سکولوں میں طلباء کو بہترین تعلیمی سہولیات اور کتب فراہم کر رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ مجاہد حسین علوی نے سینئر میڈیا نمائندگان کیساتھ ایک نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمپلیکس کی پرشکوہ عمارت مکمل ہو چکی ہے محض چند ہفتوں کا تزئین و آرائش کا کام مکمل ہونے کے بعد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ دفاتر مکمل طور پر نئی بلڈنگ میں منتقل ہو جائینگے۔

ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں جدت آ چکی ہے، اور ہم خود اس کے منفی اثرات کا شکار ہو رہے ہیں، فاروق مرزا

بہت سے صحافی ڈیجیٹل فٹ پرنٹس کی بنیاد پر زیر عتاب ہیں، کیونکہ یہ ناقابل تردید ثبوت فراہم کرتے ہیں

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) امریکہ سے آئے ہوئے چیئرمین فورتھ ملر فاروق مرزا نے پریس کلب فیصل آباد میں ڈیجیٹل دہشت گردی کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں جدت آ چکی ہے، اور ہم خود اس کے منفی اثرات کا شکار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے صحافی ڈیجیٹل فٹ پرنٹس کی بنیاد پر زیر عتاب ہیں، کیونکہ یہ ناقابل تردید ثبوت فراہم کرتے ہیں۔ فاروق مرزا نے پریس کلب فیصل آباد کے صدر شاہد علی کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے اس حساس موضوع پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل دہشت گردی کے خلاف بنائے جانے والے قوانین کے تحت حکومت اور سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کو نشانہ بناتی ہیں۔ انہوں نے تمام صحافیوں کو خبردار کیا کہ واٹس ایپ، انسٹاگرام اور فیس بک کے ذریعے موصولہ مواد کو بغیر تحقیق فارورڈ نہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کل سوشل میڈیا پر جو صحافت ہو رہی ہے، وہ غیر معیاری اور صحافتی اصولوں کے منافی ہے۔ فاروق مرزا نے اس بات پر زور دیا کہ صحافیوں کو خبروں کی تحقیق اور تصدیق پر بھرپور توجہ دینی چاہیے تا کہ معیاری صحافت کو فروغ دیا جا سکے۔ اس مشترکہ پریس کانفرنس میں اداکارہ میرا نے فلمی منصوبوں پر گفتگو کے دوران اپنے پروڈکشن ہاؤس ریڈ لپسٹک کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پروڈکشن ہاؤس میں معیاری فلمیں اور ڈرامے تیار کیے جائیں گے، جو ناظرین کو بہترین تفریح فراہم کریں گے۔ میرا نے اپنی آنے والی فلم سمرن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ جلد ریلیز ہونے جا رہی ہے، اور وہ اس کی پروموشن کے لیے فیصل آباد آئیں گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ان کی فلم ضرور دیکھیں اور امید ظاہر کی کہ یہ ناظرین کو پسند آئے گی۔ پریس کانفرنس کا اختتام فاروق مرزا کے صدر پریس کلب شاہد علی کے شکریہ کے ساتھ ہوا، جنہوں نے اس اہم موضوع پر گفتگو کے لیے پلیٹ فارم فراہم کیا۔


گوجرانوالہ۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی ڈپٹی کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی شریک ہیں

پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام اسلام آباد میں پاکستان انٹر بورڈ سپورٹس گالہ 2024-25 مورخہ 04 جنوری 2025 تا مورخہ 07 جنوری 2025 منعقد

گوجرانوالہ (بیورو) پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام اسلام آباد میں پاکستان انٹر بورڈ سپورٹس گالہ 2024-25 مورخہ 04 جنوری 2025 تا مورخہ 07 جنوری 2025 منعقد ہوا جس میں پاکستان بھر سے 18 بورڈز کی ٹیموں نے بیڈمنٹن مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ راؤنڈ میچز کوارٹر فائنل اور سیمی فائنل کے بعد گوجرانوالہ بورڈ اور لاہور بورڈ کی بیڈمنٹن کی ٹیمیں فائنل میچ میں پہنچیں۔ بیڈمنٹن کا فائنل میچ 07 جنوری 2025 کو رد ھم جمنیزیم ہال پاکستان سپورٹس بورڈ اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ فائنل میچ میں کل 9 راونڈز ہوئے اور آخری راؤنڈ میں گوجرانوالہ بورڈ کی ٹیم نے لاہور بورڈ کی ٹیم کو شکست دیتے ہوئے فائنل میچ جیت لیا۔ ٹیم کی کھلاڑیوں میں ہمنا ارشاد، سمہا نوید، کرمل سیموئل، منیبہ محمد علی، مافیہ اور بتول زہرا شامل ہیں۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے اس بڑی کامیابی پر گوجرانوالہ بورڈ کی بیڈمنٹن کی ٹیم کو پاکستان لیول پر شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے فائنل میچ جیتنے پر مبارکباد پیش کی۔

سیالکوٹ میں گرینڈ انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے، ڈی ایس پی خرم شہزاد ملک

ناجائز تجاوزات و ٹریفک مسائل کا خاتمہ کر رہے ہیں، انچارج انکروچمنٹ بلوخان



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سٹی ٹریفک پولیس ڈی ایس پی خرم شہزاد ملک اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن محمد اعجاز ملک کی ایٹنٹی انکروچمنٹ ٹیموں کے مشترکہ آپریشن سے سیالکوٹ میں سڑک کنارے پختہ۔ عارضی ناجائز تعمیرات و تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے۔ کرائم فائٹر ڈی ایس پی خرم شہزاد ملک نے میڈیا کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر قیادت انٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے جو شہر کے وسطی و داخلی خارجی راستوں پر ٹریفک ریگولیشن مسائل و ناجائز پارکنگ مافیا کے خاتمے تک جاری رہے گا۔ مختلف اداروں کی معاونت اس میں شامل ہے۔ انچارج انکروچمنٹ سیل مسنتصر بلوخان کا کہنا تھا کہ حکام بالا کے احکامات پر ناجائز تجاوزات کیخلاف بھاری مشینری کا استعمال کر کے تجاوزات گرا دی ہیں اور اس آپریشن میں کسی سے بھی رعایت نہیں برتیں گے۔

فیصل آباد پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کا پہلا اجلاس: صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے اہم اقدامات کا اعلان

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کا پہلا اجلاس زیر صدارت صدر شاہد علی منعقد ہوا۔ اجلاس میں کابینہ نے صحافیوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے کئی اہم فیصلے کیے۔ صدر شاہد علی نے اس سال کو "صحافی کالونی کے حصول کا سال" قرار دیتے ہوئے اعلان کیا کہ صحافیوں کو ان کے حقوق دلوانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پریس کلب انسٹیٹیوٹ میں نئی کلاسز کا آغاز اسی ہفتے سے کیا جائے گا تا کہ ممبران کو مزید مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ سیکرٹری عزادار حسین نے اجلاس کو بتایا کہ 9 جنوری کو ممبران کے بچوں کے لیے سندباد میں ایک روزہ مفت جھولوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہلال احمر ہسپتال کے ساتھ ایم او یو سائن کیا گیا ہے، جس کے تحت ممبران کو مفت طبی سہولیات اور کمرے فراہم کیے جائیں گے۔ مزید برآں، اخوت فاؤنڈیشن کے ساتھ بھی معاہدے پر کام ہو رہا ہے، جس کے تحت ممبران کے بچوں کو تعلیمی وظائف دیے جائیں گے۔

ایم سی بی اسلامک بینک چنیوٹ کے زیر اہتمام مقامی میرج ہال میں اسلامی بینکاری کے بارے میں آگاہی پروگرام منعقد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایم سی بی اسلامک بینک چنیوٹ کے زیر اہتمام مقامی میرج ہال میں اسلامی بینکاری کے بارے میں آگاہی پروگرام منعقد کیا گیا جس میں شہر بھر سے تاجر وکلا معززین شہری میڈیا اور کاروباری افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی آگاہی پروگرام کی میزبانی منیجر ایم سی بی بینک چنیوٹ عرفان نوناری نے کی اس موقع پر معروف مذہبی سکالر مفتی سید صابر حسین، حافظ مقبول احمد ممبر اسلامی نظریاتی کونسل انجمن تاجران ضلع چنیوٹ کے صدر حاجی محمد جمیل فخری و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ سب اسلامی بینکاری کا اپنا کردین اور دنیا دونوں میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔

شیخوپورہ: ڈکیتی چوری و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا

تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ ایس پی چوک کے قریب 2 مسلح راہزنوں نے اورنگزیب کو ہینڈز اپ کروا کر 10 ہزار روپے نقدی اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈکیتی چوری و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا، تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ ایس پی چوک کے قریب 2 مسلح راہزنوں نے اورنگزیب کو ہینڈز اپ کروا کر 10 ہزار روپے نقدی اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا، اسی تھانہ کی حدود چنڈ کوٹھی روڈ پر نامعلوم چوروں نے ندیم کی کریانہ کی دکان میں گھس کر دالیں شیمپو، کیبل مالیتی 40 ہزار روپے و دیگر سامان چوری کر لیا، اسی تھانہ کے علاقہ گوجرانوالہ روڈ پر 2 مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر احسان علی سے نقدی موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لی، اسی تھانہ کے علاقہ پینڈ روڈ شیلر کے قریب 4 مسلح ڈاکوؤں نے فیصل وغیرہ تین راہگیروں سے 12 ہزار روپے نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا، تھانہ ماڈل سٹی اے ڈویژن کے علاقہ شرقپور روڈ کی آبادی میں نامعلوم چوروں نے محمد ساجد کے گھر سے طلائی زیورات، ایل سی ڈی، نقدی اور دیگر قیمتی سامان اڑا لیا، تھانہ صدر شیخوپورہ کے علاقہ ریکے میں 3 مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر تاجر نعیم پاشا، سیف اللہ اور شہزاد کو ہینڈز اپ کروا کر 15 لاکھ روپے نقدی طلائی زیورات اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا، تھانہ صفدر آباد کے علاقہ کیڑا منڈی محلہ سعید میں 3 مسلح نقاب پوش ڈاکوؤں نے زمیندار شاہد گلزار بخاری کے گھر میں گھس کر اہلخانہ کو یرغمال بنا کر 4 لاکھ روپے نقدی 12 تولہ طلائی زیورات اور 6 قیمتی موبائل فونز چھین لئے، تھانہ صدر شیخوپورہ کے علاقہ مرزا ورکاں روڈ پر 2 مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکو اسلحہ کی نوک پر سلمان یوسف سے 18 ہزار روپے نقدی اور 2 قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے۔



حافظ آباد: ڈسٹرکٹ آفیسر عاطف علی، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد خگہ، بہبود آبادی کی جانب سے بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لیے عوامی آگاہی کے سلسلہ میں بنائے جانے والی انسانی ہاتھوں کی زنجیر کی قیادت کر رہے ہیں

تھانہ خانقاہ ڈوگراں کے علاقہ بوریانوالا میں جواں سالہ لڑکی کے ساتھ مبینہ گینگ ریپ کے واقعہ میں کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ خانقاہ ڈوگراں کے علاقہ بوریانوالا میں جواں سالہ لڑکی کے ساتھ مبینہ گینگ ریپ کے واقعہ میں کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی پولیس نے تاحال کسی ملزم کو گرفتار نہیں کیا جبکہ متاثرہ دوشیزہ کے اہلخانہ کے مطابق دوشیزہ کی بیوہ ماں قریبی عزیز کی فوتگی پر افسوس کرنے حافظ آباد گئی تھی جس کے باعث دوشیزہ بوریانوالہ میں اپنی پھوپھی کے گھر رہنے کیلئے آ رہی تھی کہ راستے میں ملزمان آصف چوہدری علی باجوہ اور ملک ثقلین نے اسلحہ کے زور پر اسے یرغمال بنا لیا اور قریب واقع گورنمنٹ سکول فار بوائز میں لے گئے جہاں پر سکول چوکیدار سلامت اور آصف نے ملکر باری باری اس سے زبردستی زیادتی کی جبکہ علی اور ثقلین پہرہ دیتے رہے بیوہ خاتون نے اپنی جواں سالہ بیٹی کا میڈیکل کروا کر تحریری درخواست تھانہ خانقاہ ڈوگراں پولیس کو دی تاہم پولیس نے مقدمہ تو درج کر لیا مگر کسی ملزم کو گرفتار نہ کر سکی۔

شیخوپورہ: ڈکیتی چوری و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا

تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ ایس پی چوک کے قریب 2 مسلح راہزنوں نے اورنگزیب کو ہینڈز اپ کروا کر 10 ہزار روپے نقدی اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈکیتی چوری و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا، تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ ایس پی چوک کے قریب 2 مسلح راہزنوں نے اورنگزیب کو ہینڈز اپ کروا کر 10 ہزار روپے نقدی اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا، اسی تھانہ کی حدود چنڈ کوٹھی روڈ پر نامعلوم چوروں نے ندیم کی کریانہ کی دکان میں گھس کر دالیں شیمپو، کیبل مالیتی 40 ہزار روپے و دیگر سامان چوری کر لیا، اسی تھانہ کے علاقہ گوجرانوالہ روڈ پر 2 مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر احسان علی سے نقدی موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لی، اسی تھانہ کے علاقہ پینڈ روڈ شیلر کے قریب 4 مسلح ڈاکوؤں نے فیصل وغیرہ تین راہگیروں سے 12 ہزار روپے نقدی، موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا، تھانہ ماڈل سٹی اے ڈویژن کے علاقہ شرقپور روڈ کی آبادی میں نامعلوم چوروں نے محمد ساجد کے گھر سے طلائی زیورات، ایل سی ڈی، نقدی اور دیگر قیمتی سامان اڑا لیا، تھانہ صدر شیخوپورہ کے علاقہ ریکے میں 3 مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر تاجر نعیم پاشا، سیف اللہ اور شہزاد کو ہینڈز اپ کروا کر 15 لاکھ روپے نقدی طلائی زیورات اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا، تھانہ صفدر آباد کے علاقہ کیڑا منڈی محلہ سعید میں 3 مسلح نقاب پوش ڈاکوؤں نے زمیندار شاہد گلزار بخاری کے گھر میں گھس کر اہلخانہ کو یرغمال بنا کر 4 لاکھ روپے نقدی 12 تولہ طلائی زیورات اور 6 قیمتی موبائل فونز چھین لئے، تھانہ صدر شیخوپورہ کے علاقہ مرزا ورکاں روڈ پر 2 مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکو اسلحہ کی نوک پر سلمان یوسف سے 18 ہزار روپے نقدی اور 2 قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے۔

حافظ آباد: ڈسٹرکٹ آفیسر عاطف علی، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد خگہ، بہبود آبادی کی جانب سے بڑھتی ہوتی آبادی پر قابو پانے کے لیے عوامی آگاہی کے سلسلہ میں بنائے جانے والی انسانی ہاتھوں کی زنجیر کی قیادت کر رہے ہیں

انجمن غوثیہ کے سرپرست اعلیٰ اور بزرگ صحافی شیخ عبدالخالق قادری مرحوم کی یاد میں تعزیتی ریفرنس

تعزیتی ریفرنس پنڈی بھٹیاں میں جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ بیرسٹر سید وسیم الحسن نقوی کی زیر صدارت منعقد ہوا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) انجمن غوثیہ کے سرپرست اعلیٰ اور بزرگ صحافی شیخ عبدالخالق قادری مرحوم کی یاد میں تعزیتی ریفرنس پنڈی بھٹیاں میں جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ بیرسٹر سید وسیم الحسن نقوی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ قاری فیصل ندیم کیلانی، علامہ شاہد چشتی، عبدالجبار رضا انصاری، صاحبزادہ سید علی رضا آف ونجواں شریف و دیگر علماء نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ زندگی چند روزہ ہے اور ایک نہ ایک دن ہر انسان نے اس جہاں سے کوچ کرنا ہے۔ لیکن ہمیں چاہئے کہ ہم جب اس دنیا سے رخصت ہوں۔ تو اچھی یادیں چھوڑ کر جائیں۔ شیخ عبدالخالق قادری ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے جو نہ صرف ایک سچے عاشق رسول ﷺ تھے بلکہ انہوں نے اپنے آپ کو خدمت خلق کے لئے بھی وقف کر رکھا تھا۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آج انکے جانے کے بعد لوگ انہیں نیک نامی سے یاد کر رہے ہیں۔ سیمنار میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ بعدازاں جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ بیرسٹر پیر سید وسیم الحسن نقوی نے مرحوم کی بخشش اور درجات کی بلندی کے لئے دعا کروائی۔

نارنگ منڈی: چوروں اور ڈاکوؤں کی وارداتیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر اور گردونواح میں چوروں اور ڈاکوؤں کی وارداتیں اہل علاقہ 2 موٹر سائیکلوں لاکھوں روپے نقدی موبائل فونز اور قیمتی سامان سے محروم تفصیل کے مطابق صدر بازار سلطان سٹریٹ میں علی رضا کے اہلخانہ شادی پر گئے ہوئے تھے چور چھت کے راستے گھر میں داخل ہوکر سونے کی انگوٹھیاں بالیاں اور چاندی کے کنگن لے گئے ڈیرہ اشرف کا رہائشی دانش باکوال سے نارنگ آرہا تھا گجر چوک کے قریب ڈاکوؤں نے 71 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔

سید اسرار حسن گیلانی کے اعزاز میں سن رائز پبلک سکول چورستہ 38 ڈی میں ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا

تقریب کے اختتام پر میاں امتیاز احمد بھٹہ ایڈووکیٹ پرنسپل سن رائز پبلک سکول نے پیرج گروپ آف لائرز دیگر وکلاء صاحبان کا تقریب میں شمولیت کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) سینئر ممبر پیرج (Peerage) گروپ آف لائیر میاں امتیاز احمد بھٹہ ایڈووکیٹ کی جانب سے امیدوار صدر بار دیپال پور سید اسرار حسن گیلانی کے اعزاز میں سن رائز پبلک سکول چورستہ 38 ڈی میں ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا جس میں میاں امتیاز احمد بھٹہ کی میزبانی میں امیدوار صدر بار دیپال پور ایسوسی ایشن الیکشن سال 2025 سید اسرار حسن گیلانی کی آمد پر پھول پتیاں نچھاور کر کے ڈھول کی تھاپ پر شاندار استقبال کیا گیا۔ سید اسرار حسن گیلانی کے ہمراہ سید ابرار حسن گیلانی۔ سید نذر حسن گیلانی۔ سید ساجد حسن گیلانی اور سینئر و جونیئر وکلا ساتھی میاں شریف ظفر جوئیہ سابقہ ایم پی اے اور سابق صدر بار دیپال پور۔ میاں سجاد احمد وٹو سابقہ ناظم یونین کونسل و سابق صدر بار دیپال پور۔ راؤ اسد وقاس سابق جنرل سیکرٹری بار دیپال پور۔ چوہدری ندیم اصغر پھلروان۔ چوہدری ممتاز احمد پھلروان۔ چوہدری افضال احمد۔ میاں خادم حسین بھٹی چوہدری ظہیر احمد سنگو کا۔ ملک غالب اسلام اعوان۔ ملک محمد اظہر اعوان۔ میاں سرفراز وٹو۔ میاں غلام نبی وٹو۔ چوہدری شہزاد احمد۔ چوہدری رشید اعجاز۔ میاں عاصم اعجاز مہار۔ میاں عدنان احمد مہار۔ میاں جاوید زمان مہار۔ ملک جاوید انور نوناری ملک ریاض احمد نوناری اور دیگر وکلا صاحبان کافی تعداد میں موجود تھے۔ اس پروقار تقریب کا آغاز تلاوت کلام مجید سے کیا گیا تلاوت کلام مجید حافظ تنویر سلمان بن خالد لطیف نے اور نعت رسول مقبول کی سعادت شفیع محمد سلفی نے حاصل کی۔ جس کے بعد معزز وکلا صاحبان محمد احمد خان۔ ایم اختر قریشی۔ سید اسرار حسن گیلانی اور دیپال پور کی سیاسی و سماجی شخصیت راؤ طاہر علی خاں نے اپنے اپنے مخصوص انداز میں خطابات کیے۔ تقریب کے اختتام پر میاں امتیاز

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کے نوجوانوں کیلئے مثالی اقدامات

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی میں ہونہار سکالرشپ کی تقریب میں ہونہار سکالرشپ کو 100 ارب تک بڑھانے کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ نے اگلے سال سے مزید 20 ہزار ہونہار سکالرشپ بڑھانے، نوجوانوں کیلئے نئے بزنس اور سٹارٹ اپس کیلئے 3 کڑور روپے تک بلا سود قرض دینے' طلبہ کو اگلے سال سے ایک لاکھ ای بائیکس دینے، پنجاب کی یونیورسٹیوں اور کالجز میں ای بائیکس چارجنگ سٹیشن قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ مریم نواز نے کہا کہ نوجوانوں کا ہاتھ پکڑ لیں تو پاکستان کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے راستے میں حائل رکاوٹیں دور کریں گے۔ ہم اپنے بچوں کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس، روبوٹک اور دیگر جدید آئی ٹی کے علوم سکھائیں گے۔ نوجوانوں کیلئے بہت سے مارکیٹ بیسڈ ٹریننگ پروگرام بھی شروع کیے گئے ہیں۔ طلبہ کیلئے ایگر یکلچر، انوائرمنٹ اور دیگر پیڈز انٹرن شپس شروع کی ہیں۔ بچوں کو لون دیں گے تاکہ پڑھ لکھ کر کاروبار کریں' والدین پر بوجھ نہ بنیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آگ لگانے، گولی چلوانے، پولیس پر تشدد کرانے والے نوجوانوں کے دوست نہیں ہو سکتے۔ نوجوان کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں اور نہ کسی کا ایندھن بنیں۔ دور حاضر کی تکنیکی ترقی کو مدنظر رکھتے ہوئے موجودہ حکومت بالخصوص وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نوجوانوں کیلئے سرکاری اور نجی سطح پر اعلیٰ تعلیم کیلئے مفت لیپ ٹاپ' سکالرشپ اور سٹوڈنٹس ایکسچینج سمیت کئی مختلف پروگرام متعارف کرا چکی ہیں جن پر انکی منشاء کے مطابق عملدرآمد بھی شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کی کاروباری سرگرمیوں سمیت انکے تعلیم وصحت کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور انکی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے جو اقدامات کئے ہیں' وہ واقعی مثالی اور قابل ستائش ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر غربت اور بے روزگاری کے ستائے اور اپنے مستقبل سے مایوس آج کے نوجوانوں کی سرکاری سطح پر اسی طرح حوصلہ افزائی کی جاتی رہے اور انہیں تعلیم سمیت روزگار اور صحت کی ارزاں سہولیات میسر آتی رہیں تو یہ نوجوان ریاست کیخلاف اکسانے والوں کو مسترد کر کے مثبت اور تعمیراتی سرگرمیوں کی طرف بھرپور توجہ دے سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف جس نیک جذبے کے ساتھ نوجوانوں کا ہاتھ پکڑ کر روشن مستقبل کی جانب گامزن ہیں' آنے والے

اُڑان پاکستان: معاشی بحالی کا منصوبہ

تحریر: سید مجتبیٰ رضوان

وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے 30 دسمبر کو 'اُڑان پاکستان' پروگرام کا باقاعدہ افتتاح ایک ایسے موقع پر کیا جب حکومت کی جانب سے ملکی معیشت میں استحکام اور مہنگائی کی رفتار میں کمی سے متعلق دعوے کیے گئے ہیں۔ جبکہ آئی ایم ایف سے سات ارب ڈالر کے بیل آؤٹ پیکج کے سلسلے میں پاکستان ٹیکس، نجکاری اور توانائی سمیت دیگر شعبوں میں اصلاحات کی کوششیں کر رہا ہے۔ 'اُڑان پاکستان' کے تحت آئندہ پانچ اور طویل مدت میں 2035 تک کے معاشی اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ مثلاً ملکی شرح نمو میں اگلے پانچ سال میں چھ فیصد اضافے کا ہدف مقرر کیا ہے اور آئندہ 10 برس یعنی 2035 تک مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کا سائز ایک ٹریلین ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ 'اُڑان پاکستان' پروگرام کے بارے میں وزیر منصوبہ بندی کا کہنا ہے اُڑان پاکستان ایک جامع قومی اقتصادی تبدیلی کا منصوبہ ہے جو پاکستان کو ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے تیار کیا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد ملک کو مستحکم، پائیدار اور عالمی معیشت میں مسابقتی بنانا ہے جو پانچ ایز کے فریم ورک پر مبنی ہے۔ 'پہلا مقصد ایکسپورٹ یعنی برآمدات پر مبنی معیشت کو تشکیل دینا، دوسرا ملک میں ڈیجیٹل انقلاب لانا، تیسرا ماحولیاتی تبدیلی اور اس کے اثرات سے نمٹنا ہے۔ چوتھا سیکٹر جہاں توجہ دی جائے گی وہ انرجی اور انفراسٹرکچر کا ہے جبکہ پانچواں ایکویٹی پر مبنی معاشرے کی تعمیر ہے۔' پاکستان کی برآمدات کا موجودہ حجم 30 ارب ڈالر سالانہ کے لگ بھگ ہے۔ اِسی طرح جی ڈی پی کی شرح نمو کو آئندہ پانچ برس میں چھ فیصد تک لے جانا ہے۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں شرح نمو ایک فیصد سے بھی کم رہی ہے۔ ای پاکستان کے شعبے میں آئندہ پانچ برس میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی فری لانسنگ انڈسٹری کو پانچ ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے سالانہ دو لاکھ آئی ٹی گریجویٹس تیار کیے جائیں گے۔ اڑان پاکستان: معاشی بحالی کا 10 سالہ منصوبہ ہے۔ معاشی بحالی کے کئی چیلنجز سے دوچار پاکستان کی وفاقی حکومت نے 'اُڑان پاکستان' کے نام سے ایک منصوبہ لانچ کیا ہے جس میں اقتصادی شرح نمو اور برآمدات کے ساتھ ساتھ سماجی شعبوں کے لیے بلند اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ 'اُڑان پاکستان' کے تحت آئندہ پانچ اور طویل مدت میں سنہ 2035 تک کے معاشی اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ مثلاً ملکی شرح نمو میں اگلے پانچ سال میں چھ فیصد اضافے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ آئندہ 10 سال میں یعنی 2035 تک مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کا سائز ایک ٹریلین ڈالر تک لے جانے ہدف مقرر کیا ہے۔ اڑان پاکستان کا پہلا مقصد ایکسپورٹ یعنی برآمدات پر مبنی معیشت کو تشکیل دینا، دوسرا ملک میں ڈیجیٹل انقلاب لانا، تیسرا ماحولیاتی تبدیلی اور اس کے اثرات سے نمٹنا ہے۔ چوتھا سیکٹر جہاں توجہ دی جائے گی وہ انرجی اور انفراسٹرکچر کا ہے جبکہ پانچواں ایکویٹی پر مبنی معاشرے کی تعمیر ہے۔ اڑان پاکستان کے تحت سب سے پہلے برآمدات کو اگلے پانچ سال میں 60 ارب ڈالر سالانہ تک پہنچانا ہے۔ اڑان پاکستان کے تحت جی ڈی پی کی شرح نمو کو آئندہ پانچ برس میں چھ فیصد تک لے جانا ہے۔ اڑان پاکستان کے تحت آئندہ پانچ برس میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی فری لانسنگ انڈسٹری کو پانچ ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے سالانہ دو لاکھ آئی ٹی گریجویٹس تیار کیے جائیں گے۔ اڑان پاکستان منصوبے میں آئندہ پانچ برس میں گرین ہاؤس گیسز میں 50 فیصد تک کمی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے قابل کاشت زمین میں 20 فیصد سے زائد اضافہ اور پانی کو ذخیرہ کرنے کی گنجائش میں دس ملین ایکٹر فٹ تک کا اضافہ کرنا ہے۔ توانائی کے شعبے میں قابل تجدید توانائی کا حصہ دس فیصد تک بڑھانا ہے۔ اس وقت ملک میں بڑے بڑے سرمایہ دار اس بات کو ترجیح دے رہے ہیں کہ بہتر منافع کے حصول کے لیے وہ اپنی رقوم کسی بڑے منصوبے پر خرچ کرنے کے بجائے بینکوں میں رکھیں۔ تاکہ اس سے بہتر منافع کا حصول ممکن ہو سکے۔ تاجر برادری سود کی شرح کو سنگل ڈیجٹ پر دیکھنا چاہتی ہے جس سے یقینی طور پر قرضے لینے کی حوصلہ افزائی ہو گی اور کاروباری لاگت میں کمی کی وجہ سے توسیع کو فروغ ملے گا۔ شرح سود میں کمی لانے سے یہ پیسہ پھر سے مارکیٹ میں آئے گا اور کاروبار میں لگنے سے اس سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی دیکھنے کو ملتی ہے۔ ملک میں مہنگائی کی شرح میں مسلسل کمی دیکھنے میں آ رہی ہے اور اسی کمی کی بدولت مانیٹری پالیسی کمیٹی کو شرح سود کم کرنے کا موقع مل سکا۔ خیال رہے کہ پاکستان میں اگست کے اختتام پر سامنے آنے والے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں مہنگائی کی شرح 34 ماہ کی کم ترین سطح پر آئی ہے اور یہ سنگل ڈیجٹ پر پہنچی ہے۔ روپے کی قدر میں استحکام بھی مہنگائی کو کم کرنے کی ایک بڑی وجہ ہے کیوں کہ درحقیقت پاکستان میں بھاری مقدار میں اجناس باقاعدگی سے درآمد کی جاتی ہیں اس لیے روپے کی قدر میں استحکام براہ راست مہنگائی کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیر روان مالی سال کے پہلے ماہ یعنی جولائی میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر کی بلند آمد اور برآمدی آمدنی میں نمایاں بہتری نے درآمدات میں اضافے کے اثر کو کسی حد تک زائل کیا اور جاری کھاتے کے خسارے کو 20 کروڑ ڈالر تک محدود رکھنے میں مدد دی۔ عالمی بینک کی طرف سے پاکستان میں غربت 39.3 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے جس میں نچلی درمیانی آمدنی والے غربت کی شرح 3.2 امریکی ڈالر یومیہ ہے اور 78.4 فیصد اوپری درمیانی آمدنی والے غربت کی شرح 5.5 امریکی ڈالر یومیہ، مالی سال کے لیے استعمال کی گئی ہے۔ پاکستان کی آبادی کا 22 فیصد غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہا ہے۔ غربت میں کمی کا رجحان جیسا کہ 1980 کی دہائی کے دوران دیکھا گیا تھا 1990 کی دہائی میں ناقص وفاقی پالیسیوں اور بدعنوانی کی بدولت اس کے برعکس ہوا۔ اس رجحان کو "غربت کا بم" کہا جاتا ہے 2001 میں، حکومت کو بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے عبوری غربت میں کمی کی حکمت عملی کے کاغذات کی تیاری میں مدد کی جو ملک میں غربت کو کم کرنے کے لیے رہنما اصول مانا جاتا ہے۔ پاکستان کی قومی اسمبلی میں وزارت منصوبہ بندی اور ترقی کی طرف سے پیش کی گئی ایک رپورٹ کے مطابق، تقریباً 24.3 فیصد پاکستانی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں جو 55 ملین افراد پر مشتمل ہے۔ پاکستان کا انسانی ترقی 189 ممالک میں سے 154 نمبر پر ہے۔ یمن اور افغانستان کے بعد پاکستان کا انسانی ترقی کا اشاریہ ایشیا میں سب سے کم پچھلی دہائی کے دوران، غربت کے خاتمے کے کئی پروگراموں نے بہت سے غریبوں کو حصہ لینے اور اوپر اٹھنے میں مدد کی۔ تاہم عالمی مالیاتی بحران اور افغانستان پر قبضے جیسے دیگر عوامل نے پاکستانی ترقی کو متاثر کیا ہے۔ پاکستان میں تاریخی طور پر غربت دیہی علاقوں میں زیادہ اور شہروں میں کم رہی ہے۔ خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے کل 40 ملین میں سے 30 ملین دیہی علاقوں میں رہتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں غربت میں تیزی سے اضافہ ہوا اور ملک کے شہری اور دیہی علاقوں کے درمیان آمدنی میں فرق زیادہ نمایاں ہو گیا۔ اس رجحان کو دیہی اور شہری علاقوں میں معاشی واقعات کے غیر متناسب اثرات سے منسوب کیا گیا ہے۔ پنجاب میں بھی صوبے کے مختلف خطوں کے درمیان غربت میں نمایاں درجہ بندی ہے۔ 1973 کے آئین کا پہلا باب بنیادی انسانی حقوق پر توجہ دلاتا ہے، جہاں کچھ ذمے داریاں اگر عوام کی ہیں تو اس سے بڑھ کر کچھ بڑی ذمے داریاں ریاست کی بھی ہیں۔

"اڑان پاکستان" نیا سال اور مہنگائی

وزیراعظم پاکستان نے قوم کو نئے سال کی مبارکباد کے ساتھ ہی پیغام دیا ہے کہ گذشتہ سال میں مہنگائی کی شرح کا کم ترین سطح پر ہونا، برآمدات، ترسیلات اور زرمبادلہ کے ذخائر میں تاریخی اضافہ تمام معاشی اشاریے پاکستانی قوم کو یہ خوشخبری دے رہے ہیں کہ انشااللہ نیا سال ترقی و خوشحالی کا سال ہو گا۔ لوگوں نے ان کے پیغام کو سن کر نئے سال سے بڑی امیدیں وابستہ کر لیں ہیں۔ ہمارے وزیراعظم کے "اڑان پاکستان "انقلابی پروگرام کا چرچا بھی سنائی دے رہا ہے۔ جس سے بوکھلائے عوام کی مہنگائی میں کمی کی امیدیں رفتہ رفتہ دم توڑ رہی ہیں۔ نئے سال کی آمد پر حکومت پاکستان نے عوام کو پہلے ہی روز پیٹرولیم مصنوعات کے ساتھ ساتھ گھی، آٹا اور چینی کے ریٹ میں اضافے کا تحفہ بھی دے دیا ہے۔ ابھی نئے سال کی خوشیاں اور آتش بازی کی چمک مدہم بھی نہ ہو پائی تھی کہ



سال نو کی آمد پر عوام کو مہنگائی کا یہ بڑا تحفہ دے کر اعلان کیا ہے کہ مہنگائی کی شرح پچھلے اکیاسی ماہ کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے جبکہ چینی کی قیمتوں میں چھ روپے گھی کی قیمت نو روپے اور آٹے کے تھیلے کی قیمت میں پچاس روپے کا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ مرغی پہلے ہی دن چھ سو روپے کلو کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ ابھی تو نئے سال کے تین سو ساٹھ دن باقی ہیں۔ گذشتہ سال کی مہنگائی سے پریشان عوام نئے سال کے پہلے ہی دن آنے والے دنوں میں بڑھتی مہنگائی کو بھانپ کر اس سے خوفزدہ ہیں۔ سوال یہ ہے کہ مہنگائی میں کمی کی خوشخبری سنا رہی ہے اور غریب بازاروں میں اس کے ثمرات تلاش کرنے کی جدوجہد میں مارا مارا پھر رہا ہے کسی بھی چیز کی قیمت میں کمی ہوتی دکھائی نہیں دے رہی ہے۔ سال کے پہلے ہی دن مرغی کی قیمت پھر سے چھ سو روپے کلو ہو چکی ہے۔ گزشتہ سال جماعت اسلامی کے دھرنے اور اس کے نتیجے میں پینتالیس دن کے اندر اندر بجلی کی قیمتوں میں کمی کا خواب بھی جماعت اسلامی کے سابقہ خوابوں اور خواہشوں کی طرح ہی ثابت ہوا۔ وہ دھرنے کے نتیجے میں ہونے والا معاہدہ بھی اب بظاہر کہیں دور دور تک دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ بجلی اور گیس کے بلوں اگر کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں پر اثر پڑے گا تو یقیناً ایک عام صارف کی زندگی پر بھی اثر مرتب ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کے علاوہ مہنگائی کی شرح کا جائزہ لیتے وقت پیٹرولیم، ٹرانسپورٹ اور ہاسنگ انڈیکس کو بھی مدنظر رکھنا پڑتا ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ اگرچہ اس ماہ مہنگائی کی شرح میں کمی سنگل ڈیجٹ میں آئی ہے اور اس کی ایک بڑی وجہ پیٹرولیم مصنوعات، ٹرانسپورٹ اور بجلی کی قیمتوں میں کچھ کمی یا برقرار ہونا ہے۔ ماہرین کی رائے ہے کہ ملک کی شرح میں کمی کا مطلب یہ نہیں کہ یہ منفی یا کم ہو گئی ہے بلکہ یہ ہے کہ اس کی مزید بڑھنے کی رفتار رک گئی ہے۔ گویا گذشتہ سال مہنگائی بڑھنے کی شرح بہت اوپر تھی اور جب اس سے موازنہ کیا جاتا ہے جسے "ہائی بیسٹ ایفیکٹ" کہتے ہیں تو اب مہنگائی بڑھنے کی شرح کم نظر آ رہی ہے۔ ماہرین اور حکومت کے مطابق مہنگائی کی شرح میں کمی نظر آنے کی ایک بڑی وجہ شاید یہ ہے کہ گذشتہ برسوں ہمارا بیس انڈیکس ہی بہت زیادہ تھا اس لیے تمام اقتصادی ماہرین اس بات پر متفق تھے کہ رواں برس جو بھی اعداد و شمار سامنے آئیں گے وہ یقیناً گذشتہ برس سے کم ہوں گے۔ البتہ ایک عام آدمی تو مہنگائی میں کمی کو اشیا خوردونوش اور روزمرہ کی اشیا ضرورت کے سستا ہونے کو ہی سمجھتا ہے۔ کیونکہ وہ اس طرح کے جدید اور پیچیدہ اشاریوں کی زبان نہیں جانتا۔ محکمہ شماریات اور حکومت کے اشاریوں کی بات تو الگ ہے یقیناً "وہ بات درست بھی ہوگی؟ اصل بات یہ ہے کہ ہماری عام عوام اس بات کو تسلیم بھی تو کرے کہ واقعی مہنگائی کی شرح میں کوئی کمی کا واقع ہو چکی ہے یا پھر ہو رہی ہے اور یہ تب ہی ممکن ہے جب اسے بازار میں اشیا کی قیمتیں کم ہوتی دکھائی دیں۔ عوام مہنگائی میں کمی تو تب ہی کمی تصور کرتی ہے جب وہ اسے محسوس بھی ہو اور اسے نظر بھی آئے۔ پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں سنگل ڈیجٹ تک کمی کے حکومتی دعووں کی حقیقت کو تب ہی تسلیم کیا جا سکتا ہے جب ایک عام آدمی کے گھریلو بجٹ میں بھی کچھ کمی واقع ہو اور اس کی زندگی میں کچھ نہ کچھ آسانی بھی دکھائی دے۔ المیہ یہ ہے کہ عام عوام مہنگائی کی شرح میں ریکارڈ کمی کے اس بیانیے پر یقین کرنے سے گریزاں دکھائی دیتے ہیں۔ البتہ سال نو کے آغاز پر مہنگائی میں کمی کی دعائیں ضرور مانگ رہے ہیں۔ ان کے مطابق مہنگائی میں کمی صرف دو صورتوں میں ہی محسوس کی جا سکتی ہے کہ یا تو عام آدمی کی آمدنی یا قوت خرید میں اضافہ ہو یا پھر روزمرہ کی ضروریات کی اشیا کی قیمتیں میں کمی ہو جائے۔ فی الحال ایسا دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ بہرحال گذشتہ سال مہنگائی کی اڑان کو روک لینا بھی ایک حکومتی کامیابی سے کم نہیں ہے۔ "اڑان پاکستان "یقیناً" پاکستانی معیشت اور اتحاد برائے خوشحالی پاکستان کے لیے ایک نیک شگون قرار دیا جا سکتا ہے۔

کسی مجبور کا سہارا بن



تحریر: خالد غور غشتی

کہتے ہیں دو چہرے انسان کو کبھی نہیں بھولتے، ایک مشکل میں ساتھ دینے والا اور دوسرا مشکل میں ساتھ چھوڑنے والا۔ زندگی ایسی ہی مخصوص حقیقتوں سے گزر کر کندن بننے کا نام ہے کہ بہاروں میں تو سب رنگ کھلا کرتے ہیں، لطف تو تب ہے کہ خزاں کی رُت میں کوئی پھول کھلے۔ ایسے وقت میں کوئی کسی کی اعانت کرے، جب سب ویران کر جائیں اور اُسے یوں محسوس ہو کہ اب تو سایہ بھی ساتھ چھوڑنے والا ہے تو اچانک کوئی نا انجان سا سایہ ہمدرد بن کر اس کی آہوں کا سائبان بن جائے۔ کچھ لوگ اس حیات کی مثال ایک کنویں سے دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں؛ زندگی ایسا کنواں ہے، جس سے لوگ جتنا پانی بھرتے ہیں وہ کبھی خشک نہیں ہوتا۔ اسی طرح انسان بھی تب تک پھلتا پھولتا رہتا ہے، جب تک وہ دوسروں کے کام آتا ہے لیکن جس کنویں سے پانی لینا چھوڑ دیا جائے، وہ آہستہ آہستہ سُوکھ جاتا ہے۔ یہ اللہ کا اٹل قانون ہے۔ اگر خود کو سوکھنے سے بچانا ہے تو ایسا انسان بنیں؛ جو دوسروں کے لیے فائدہ مند ہو۔ اپنی زندگی کا مقصد صرف اپنے تک محدود نہ رکھیں، بلکہ جہاں تک ممکن ہو، دوسروں کی مدد کریں۔ کسی کا حوصلہ بڑھائیں، اس کی مایوسی میں تسلی کا سہارا بنیں۔ اگر کسی کو کوئی ضرورت ہو تو خاموشی سے اس کی مدد کریں۔ کسی کے گھر کا چولہا جلانے میں اپنا حصہ ڈالیں، چاہے وہ حصہ کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو۔ کسی کو اچھی نصیحت کر کے اس کی زندگی آسان بنائیں۔ کسی کا ہاتھ تھامیں اور اسے صحیح راستہ دکھائیں۔ آپ کی کوشش یہ ہونی چاہیے کہ آپ ایک ایسا کنواں ہیں، جو ہر وقت دوسروں کے لیے پانی کی طرح سکون اور مدد فراہم کر رہا ہے۔ یہی زندگی کی اصل خوب صورتی ہے اور یہی ہماری اصل بھلائی ہے۔ یاد رکھیں، دوسروں کی بھلائی میں ہی ہمارا سچا فائدہ پوشیدہ ہے۔ جتنا آپ بانٹیں گے، اتنا ہی آپ کے اندر بڑھتا جائے گا۔ اپنی زندگی کو دوسروں کے لیے روشنی بنانے کا عہد کریں، کیونکہ یہی وہ راستہ ہے؛ جس سے ہم خود بھی اُجالے میں رہیں گے۔ بعض لوگوں سے آپ نے بارہا مرتبہ سنا ہوگا کہ ہم دوسروں کی زندگیوں میں آسانیاں لانا چاہتے ہیں لیکن ہماری استطاعت نہیں ہوتی، آپ نے اکثر یہ بھی سُنا ہوگا کہ اگر اللہ مجھے استطاعت دے تو میں ہر ضرورت مند کے ساتھ تعاون کروں گا؛ یہ کروں گا، وہ کروں گا۔ لیکن اصل میں ہم غریبوں کے لیے نہیں اپنے لیے آسانیاں چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں ہمارا رزق، ہمارا مال بڑھے تو ہم کسی کی مدد کریں۔ حالاں کہ سب سے قیمتی چیز حوصلہ ہے۔ اگر ہمارے پاس پیسہ نہیں تو ہم مجبوروں کو حوصلہ دے کر بھی آسانیاں بانٹ سکتے ہیں۔ کسی مجبور کا دکھ درد سن کر، کسی ضرورت مند کے بچوں کو مفت ہنر سیکھا کر، جو ہمارے پاس ہو، وہ دوسروں میں مفت بانٹ کر اور بہت سے طریقوں سے ہم لوگوں کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کر سکتے ہیں۔ ہم مدد کرنا صرف پیسوں کو سمجھتے ہیں اور اللہ کا قانون ہے جو ہم بانٹنا شروع کرتے ہیں، ہمارے ساتھ اس کی فراوانی شروع ہو جاتی ہے۔ میں نے قابل اور شفیق لوگوں کو بے کار زندگی گزارتے دیکھا ہے اس لیے کہ وہ صرف اپنے لیجیتے ہیں۔ لوگوں کے لیے مفید بن جاؤ، اللہ آپ کا مددگار و ناصر ہوگا اور آپ کائنات کے بہترین انسان کہلائیں گے۔ ایک بزرگ سے سوال کیا گیا کہ کامیابی کیسے ممکن ہے؟ اُنھوں نے ایک بڑے سے برتن میں سوپ منگوایا اور ساتھیوں کے ہاتھوں میں ایک ایک میٹر لمبا چمچ دیا اور ان سے سوپ پینے کو بولا، چوں کہ چمچ کی لمبائی بہت زیادہ تھی چناں چہ کوئی بھی شخص سوپ پینے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اب بزرگ نے ایک چمچ ہاتھ میں پکڑا اور اپنے سامنے کھڑے شخص کو پلانا شروع کیا۔ دیکھا دیکھی سب لوگ ایک دوسرے کو پلانے لگے۔ جب تمام لوگوں نے سیر ہو کر سوپ پی لیا تو بزرگ کہنے لگے بیٹا دراصل تم ناکام اس لیے ہوئے کیوں کہ ہر شخص خود غرضی میں مبتلا ہو کر صرف اپنا پیٹ بھرنے کے چکر میں تھا۔ جب تم نے ایک دوسرے کا پیٹ بھرنے کی کوشش کی تو کوئی بھی بھوکا نہ رہا۔ اگر زندگی میں کامیابی چاہتے ہو تو دوسروں کا سوچو۔ جب تم دوسروں کی مدد کرو گے تو اللہ تمہاری مدد کرے گا۔ ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ اللہ اپنے بندے کی مدد میں اس وقت تک رہتا ہے، جب تک وہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔ (جامع ترمذی) یاد رکھیں صرف مالی مدد کرنا ہی خدمت خلق نہیں ہے، بلکہ کسی کی عیادت کرنا، اسے ہنر سکھانا، کسی کو تعلیم دینا، مفید مشورہ دینا، کسی کے دکھ درد میں شریک ہونا، اس کے لیے دعا کرنا، پرندوں اور انسان کے لیے خوراک یا پانی کا انتظام کرنا بھی خدمت خلق ہی میں شمار ہوتا ہے۔ ؟ دوسرں کی مدد کیا کرو، اللہ تمھاری مدد کرے گا۔ دوسروں کو سکوں دینے والا کبھی بے سکون نہیں رہتا۔ کسی کی مالی مدد ہو، جسمانی یا محض ایک مسکراہٹ کے ذریعے ہو، یہ سب اللہ کے نزدیک بہت قیمتی ہے۔ امام غزالی فرماتے ہیں کہ اپنے دل کو نرمی اور محبت سے بھرو اور دوسروں کے لیے وہی پسند کرو، جو اپنے لیے پسند کرتے ہو۔ یہی وہ رویہ ہے جو ہمیں دنیا میں محبت، امن اور سکون کا ماحول پیدا کرنے میں معاونت کرتا ہے۔ اور یاد رکھیں، جو کچھ ہم کرتے ہیں، وہ ایک دن ہمارے سامنے لایا جائے گا، پس جو ذرہ برابر نیکی کرے گا، وہ اسے ضرور دیکھے گا۔ (سورہ الزلزال آیت نمبر 7) لہٰذا ہر موقع کو غنیمت جانیں، لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائیں اور اللہ کی رضا حاصل کریں۔ کیونکہ یہی زندگی کا اصل مقصد ہے۔

چند روز قبل پنجاب اسمبلی جانے کا اتفاق ہوا

چند روز قبل پنجاب اسمبلی جانے کا اتفاق ہوا تو واپسی پر پہلا گیٹ بند تھا اور ایگزیٹ دوسرے گیٹ سے تھا لیکن شرمناک پہلو یہ تھا کہ جس ایگزیٹ گیٹ کو بند کیا گیا تھا وہاں چار سیکورٹی اہلکار موجود تھے چاروں اپنے اپنے موبائل پر مگن تھے جبکہ ایک سیکورٹی اہلکار کرسی پر براجمان ہوتے ہوئے اپنے سامنے رکھی کرسی پر ٹانگیں پھیلاؤ موبائل میں اس قدر مگن تھا کہ اسے یہ ہوش نہیں کہ گاڑی آئی ہے ہارن پر اس نے اسی طرح دو کرسیوں پر ٹانگیں پھیلائے اشارہ کیا کہ اگلے گیٹ سے ایگزیٹ کریں، یہ پارلیمنٹ کی سیکورٹی ہو رہی ہے یہ توہین پارلیمان؟ میرے ساتھ ایک دوست تھے جن کو وزیراعلیٰ آفس میں ڈراپ کرنا تھا۔ میرے ساتھ کھانا کھانے یا چائے کیلئے اگر کوئی آفیسر دوست باہر جاتا ہے تو میں کہتا ہوتا ہوں کہ آپ اپنی سرکاری گاڑی کی بجائے میرے ساتھ عام پاکستانی کی گاڑی میں بیٹھ کر تجاوزات کی ذلالت اور بے ہنگم ٹریفک کے اصل مسائل دیکھیں۔ وزیراعلیٰ آفس کی صورت حال بھی یہی تھی کہ جی او آرون کے گیٹ پر تعینات پولیس اہلکار موبائل میں گم تھا جبکہ باقی جی او آرز میں تو سیکورٹی نام کی کوئی چیز Exist ہی نہیں کرتی۔ وزیراعلیٰ کے بعد اہم ترین جگہ پرنسپل سیکرٹری کے کمرے کے باہر بھی تین سے چار گیٹ بوائے سمارٹ فون تھامے دنیا سے بے خبر بیٹھے تھے۔ غرض وزیراعلیٰ آفس کے تمام افسران کے کمرے کے باہر گیٹ بوائے سمارٹ فون کی دنیا میں کھوئے ہوئے تھے جبکہ افسران کے سٹاف آفیسر تو گیٹ بوائے سے نیکسٹ لیول پر اونچی آواز میں ٹک ٹاک ویڈیوز اور سیاسی وی لاگ سننے میں مصروف تھے۔ یہی صورت حال ہر روز سول سیکرٹریٹ اور آئی جی آفس کی ہوتی ہے۔ وزیراعظم، وزیراعلیٰ اور اقوام متحدہ کے وفود کی سیکورٹی پر تعینات پولیس اور سیکورٹی اہلکار بھی سمارٹ فون کا استعمال کرتے



نظر آتے ہیں۔ وزراء، سنیئر افسران اور غیر ملکیوں کے ساتھ پروٹوکول کی گاڑیوں کا بغور جائزہ لیں سوائے ڈرائیور کے تمام سیکورٹی اہلکار سمارٹ فونز پر آنکھیں جمائے اس سے بھی بے خبر ہوتے ہیں کہ وہ کہاں جا رہے ہیں۔ کسی بھی وی وی آئی پی اور اہم ترین جگہ چلے جائیں سیکورٹی اہلکار، پرسنل سٹاف اور گیٹ بوائے تک دنیا جہاں سے بے فکر سمارٹ فون پر مصروف ملیں گے۔ ڈیوٹی اوقات میں سمارٹ فون کے ذریعے ویڈیوز دیکھنے والے تنگ نظر اور تشدد پسند نظریات کے حامل شخصیات کو فالو کر کے ممتاز قادری بن جاتے ہیں جو حفاظت کی ذمہ داری کی بجائے سلمان تاثیر کی جان لے لیتے ہیں۔ سکول، کالجز اور یونیورسٹیز کے سیکورٹی گارڈ بھی سمارٹ فون تھامے انٹرنیٹ پر ہر طرح کا مواد دیکھ کر اتنے ڈسپریٹ ہو جاتے ہیں کہ معصوم بچوں پر بری نظر رکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ اہم تقریبات جہاں وزیراعظم، صدر اور وزیراعلیٰ مہمان خصوصی ہوتے ہیں وہاں کی سیکورٹی کی یہ صورت حال ہوتی ہے کہ چیک پوسٹوں اور گھروں کی چھتوں پر موجود سنائپرز بھی مسلسل سمارٹ فون استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ ان جلسوں اور تقریبات میں آئے سیاستدان اور افسران ذاتی فوٹوسیشن میں مصروف ہوتے ہیں جبکہ انکا سٹاف ان کیلئے کھانا لانے کی ڈیوٹی پر مامور ہوتا ہے اور اس ڈیوٹی سے فری ہوتے ہی وہی سٹاف اور سیکورٹی اہلکار مہمانوں کیلئے لگائے گئے کھانے پر ٹوٹ پڑتے ہیں اور مہمان دھکم پیل میں بامشکل چائے کا کپ لینے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ پولیس ناکوں پر موجود چھے اہلکاروں میں چار سمارٹ فون پر نک ٹاک دیکھ رہے ہوتے ہیں اور باقی ناکے کے زریعے انٹرنیٹ چلانے کے پیسے اکٹھے کر رہے ہوتے ہیں۔ یہی لوئر سٹاف فائل سائن کروانے جاتے یا چائے پیش کرتے ہوئے بہت خاموشی اور آسانی سے پیسوں کی خاطر وزراء اور افسران کی خفیہ ویڈیوز بھی بنا کر جہاں پہنچانی ہوتی ہیں پہنچا دیتے ہیں۔ وزراء اور افسران کے گھروں کی تصاویر اور ویڈیوز بھی اسی لوئر سٹاف کی زریعے لیک ہوتی ہیں کہ صاحب کے گھر میں اتنے کروڑ نقد کیش اور ولائٹی برانڈ کی ڈھیر ساری بوتلیں موجود ہیں۔ افسران نے ان ملازمین سے دن رات پرائیویٹ کام لینے ہوتے ہیں اس لیے انکی مجبوری ہوتی ہے کہ سمارٹ فون دیں تاکہ سمارٹ فون کے زریعے ملازم کو لوکیشن پر آنے جانے میں آسانی ہو، شاپنگ کرتے اور صاحب کے پرائیویٹ پراجیکٹس کے کام کی اپڈیٹ کی ویڈیوز بھیجتا رہے۔ زیادہ تر ملازمین کام تو ان بڑے ناموں کے گھروں میں کر رہے ہوتے ہیں لیکن تنخواہ سرکار سے لیتے ہیں





روہت شرما آسٹریلیا کیخلاف سیریز کے آخری ٹیسٹ سے باہر



سڈنی (یو این پی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما آسٹریلیا کے خلاف سیریز کے آخری ٹیسٹ سے باہر ہوگئے، روہت شرما کی ٹیسٹ کپتانی اور ٹیسٹ کیریئر کا بھی اختتام قرار دیا گیا ہے۔ بورڈر گواسکر ٹرافی کے آخری ٹیسٹ میچ میں جسپریت بمراہ قیادت کررہے ہیں، آؤٹ آف فارم روہت شرما کی جگہ شبمن گل کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے، وہ 20 رنز بنا کر آوٹ ہوگئے۔ جسپریت بمرا نے بورڈر گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ میں بھی کپتانی کی تھی اور انڈیا پرتھ ٹیسٹ جیتا تھا، پہلے ٹیسٹ میچ میں روہت شرما انجی مصروفیت کی وجہ سے دستیاب نہیں تھے۔ روہت شرما نے رواں سیریز کی پانچ اننگز میں 31 رنز اسکور کئے تھے۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ کپتان روہت شرما نے ٹیسٹ سے باہر باہر بیٹھنے کا فیصلہ کیا، اس سے قبل میلبرن ٹیسٹ کے بعد سے ہی انہیں ڈراپ کرنے کی افواہیں گردش کررہی تھیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روہت شرما انگلینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز میں آرام کررہے ہیں، روہت شرما چیمپئنز ٹرافی میں بھی کپتان نہیں ہوں گے ان کی جگہ ہاردیک پانڈیا کپتانی کریں گے۔ رپورٹس کے مطابق ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کے ساتھ روہت شرما کے اختلافات بھی رپورٹ ہوئے تھے، گوتم گمبھیر نے ڈریسنگ روم میں نام لئے بغیر ان پر سخت تنقید بھی کی تھی۔ گوتم گمبھیر نے گزشتہ روز پریس کانفرنس میں بھی روہت شرما پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

اچھی کرکٹ کھیلنے کو عادت بنانا ہوگا اور فتح کی لکیر کو عبور کرنا ہوگا' شان مسعود

ہمیں ٹیم کی صلاحیتوں پر پورا بھروسہ ہے، نتائج ٹیلنٹ کے عکاس نہیں، میڈیا سے گفتگو



کیپ ٹاؤن (یو این پی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے کہا ہے کہ مجھے اس ٹیم کی صلاحیتوں پر پورا بھروسہ ہے، ٹیم کے نتائج اس ٹیم کے ٹیلنٹ کے عکاس نہیں۔ کیپ ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شان مسعود کا کہنا تھا کہ اچھی فائٹ کے بیچ کو بھی ہم بھرپور انجوائے کرتے ہیں۔ سنچورین میں ہم نے چار روز اچھی کرکٹ کھیلی۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ نمبر ون اس لیے ہے کہ وہ تسلسل سے اچھی کرکٹ کھیل رہی ہے، ہمیں اچھی کرکٹ کھیلنے کو عادت بنانا ہوگا اور فتح کی لکیر کو عبور کرنا ہوگا۔ شان مسعود کا کہنا تھا کہ یہاں کی وکٹ سنچورین سے مختلف ہے، گھاس تھوڑا کم ہے۔ حتمی الیون کا فیصلہ ابھی نہیں کیا، ایک بار دوبارہ وکٹ دیکھیں گے پھر طے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ کی ٹیم میں اب بھی چار سیمرز ہیں، ان کے پاس آل راؤنڈرز ہیں، ہوم ٹیم آل راؤنڈرز کی وجہ سے حتمی الیون میں آسانی سے فیصلہ لے سکتی ہے۔ شان مسعود کا کہنا تھا کہ میرا خیال ہے یہاں اب بھی پیسرز کا تھوڑا بہت کردار ضرور ہوگا، ہم دیکھیں گے اسپیشلسٹ اسپنرز کے ساتھ جائیں یا وہی کامبینیشن رکھیں۔ عامر جمال کے بارے میں بات کرتے ہوئے قومی ٹیم کے کپتان کا کہنا تھا کہ عامر ٹیسٹ ٹیم کا ایک اہم کردار ہے، نمبر 8 پوزیشن پر اس کا کافی اہم رول ہے۔ سنچورین میں میچ کی صورتحال کی وجہ سے اس کو زیادہ موقع نہیں مل سکا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایک اوور کا چانس لیا تھا لیکن وہ ہمارے کام نہیں آیا۔



لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال سے پاکستان موئے تھائی فیڈریشن کا وفد ملاقات کررہا ہے

ٹیسٹ کرکٹ میں مسلسل آؤٹ آف فارم ویرات کوہلی کی پرفارمنس پر سوالات

نئی دہلی (یو این پی) ٹیسٹ کرکٹ میں مسلسل آؤٹ آف فارم ویرات کوہلی کی پرفارمنس پر سوالات اُٹھ رہے ہیں جبکہ سلیکشن کمیٹی انگلینڈ دورے کیلئے انہیں آرام کرواسکتی ہے۔ ویرات کوہلی اپنے آخری 38 ٹیسٹ میچز میں محض 31.32 کی اوسط سے رنز اسکور کرسکے ہیں۔ کیویز کیخلاف بھارت کو ہوم گراؤنڈ پر ملنے والی کلین سوئپ شکست میں بھی کوہلی کا بلا خاموش رہا تھا اور اب بارڈر۔ گواسکر ٹرافی کے ابتدائی تین ٹیسٹ میں انکی اوسط محض 16 رہی تھی، پرتھ میں دوسری اننگز کے دوران کوہلی نے سنچری اسکور کی تھی تاہم 4 ٹیسٹ میچز میں انکی اوسط 27.83 رہی۔ بھارتی صحافی کوشن سرکار نے کہا کہ کوہلی آئندہ انگلینڈ سیریز سے قبل مسلسل ناکام پرفارمنس سے سلیکشن کیلئے اپنا انتخاب خود مشکل بنا رہے ہیں۔

کس کو کھلائیں؛ کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کے اصغاز سے قبل پاکستان کنفیوژ

کیپ ٹاؤن (یو این پی) جنوبی افریقا کیخلاف کیپ ٹاؤن ٹیسٹ میچ سے ایک روز قبل قومی ٹیم کو پیچ نے کنفیوز کردیا۔ تفصیلات کے مطابق کیپ ٹاؤن میں شان مسعود نے کہا کہ دونوں ٹیموں کی پیٹنگ کے بعد ہی پچ کی اصل نوعیت کا پتہ چلے گا، حتمی اسکواڈ کا فیصلہ میچ سے قبل کنڈیشنز کے مطابق کیا جائے گا۔ کپتان شان مسعود نے آل راؤنڈر عامر جمال کو ٹیم کیلئے اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ فاسٹ بولنگ کے ساتھ بیٹنگ میں بھی کارآمد ہیں، اس ٹیسٹ میچ میں دیگر بالرز کا کردار بھی اہم ہوگا۔

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے شریک تمام پلیئرز کو معاوضوں کی یقین دہانی کرادی

ڈھاکہ (یو این پی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے بی پی ایل میں شریک تمام پلیئرز کو معاوضوں کی یقین دہانی کرادی۔ گزشتہ دنوں یہ رپورٹس خبر سامنے آئی تھی کہ بہت سی فرنچائزز نے کھلاڑیوں کو ابھی ابتدائی معاوضہ بھی ادا نہیں کیا، انھیں ایونٹ شروع ہونے سے قبل 50 فیصد معاوضہ لازمی ادا کرنا تھا۔ بعدازاں لیگ کے درمیان 25 فیصد جبکہ باقی 25 فیصد ادائیگی لیگ کے اختتام پر کرنا تھی۔ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے صدر فاروق احمد نے کہا کہ فرنچائزز سے بات چیت ہوئی ہے۔

ٹیسٹ اور وائٹ بال ٹیم کو الگ الگ کرنا پڑے گا، عاقب جاوید

لاہور (یو این پی) پاکستان ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید نے کہا ہے کہ ٹیسٹ اور وائٹ بال ٹیم کو الگ الگ کرنا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں عاقب جاوید کا کہنا تھا کہ ٹیم اور مینجمنٹ میں ایک دم سے تبدیلی کا مقصد تھا کہ ٹیم جیت کی طرف جاسکے۔ انکا کہنا تھا کہ جس طرف کرکٹ ہورہی ہے اس کیلئے ہمیں اپنا پلیئر پول بڑھانا پڑے گا، ایک کھلاڑی کو مسلسل بارہ ماہ نہیں کھیلا سکتے۔ ٹیسٹ اور وائٹ بال ٹیم کو الگ الگ کرنا پڑے گا۔ عبوری ہیڈ کوچ نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی ہماری ہوم کنڈیشنز میں ہورہی ہے، اس سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔

پچھلا سال مشکل تھا جس سے ہماری ٹیم نکلی، محمد رضوان

لاہور (یو این پی) وائٹ بال ٹیم کے کپتان محمد رضوان کا کہنا تھا کہ ٹیم نے آخری کچھ ماہ میں اچھی کامیابیاں حاصل کیں، مگر وہ ماضی بن چکی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کی سیریز ہمارے لیے اچھی رہی، پچھلا سال مشکل دور تھا جس سے ہماری ٹیم نکلی ہے۔ محمد رضوان کا کہنا تھا کہ کچھ سیریز سے ہماری پوری ٹیم نے پرفارمنس دکھائی ہے، آئندہ ہمارے جو ایونٹس اور سیریز ہیں اس میں اچھی کارکردگی کی کوشش کریں گے۔

چیمپئنز ٹرافی، یو اے ای میں میچز سے بھی بڑی آمدنی متوقع

کراچی (یو این پی) یو اے ای میں بھی چیمپئنز ٹرافی کے میچز سے پی سی بی کو بڑی آمدنی ہوگی، ٹکٹوں کی فروخت سے حاصل شدہ آدھی سے زیادہ رقم پاکستان کو ہی ملنا ہے، اس حوالے سے جلد تحریری معاہدہ ہوجائے گا۔ تفصیلات کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد 19 فروری سے 9 مارچ تک ہوگا، دورۂ پاکستان سے انکار کرنے والی بھارتی کرکٹ ٹیم کے میچز دبئی میں ہونا ہیں، اگر بلوشرٹس فائنل میں پہنچے تو 5 سیمی فائنل تک محدود رہنے پر 4 جبکہ صرف پہلے راؤنڈ سے باہر ہونے پر 3 میچز یو اے ای میں ہوں گے۔ ان میں 23 فروری کو پاک بھارت بلاک بسٹر میچ بھی شامل ہے، پی سی بی نے ابتدائی شیڈول میں اس مقابلے کی میزبانی قذافی اسٹیڈیم لاہور کو سونپی تھی۔ حکام کو ویونیو کے تماشائیوں سے مکمل بھرے رہنے کی امید تھی، البتہ بھارتی بورڈ نے حکومت سے اجازت نہ ملنے کا جواز دے کر سارا منصوبہ چوپٹ کردیا، مگر یو اے ای میں بھی میچز سے پاکستان کو بھاری آمدنی ہوگی۔ پی سی بی کے ایک اعلیٰ آفیشل نے بتایا کہ ٹکٹوں کی فروخت سے حاصل شدہ آدھی سے زیادہ رقم پاکستان کو ہی ملنا ہے۔ اس حوالے سے معاملات پر اتفاق ہو چکا جلد امارات کرکٹ بورڈ سے تحریری معاہدہ بھی کر لیا جائے گا، دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں 25 ہزار سے زائد شائقین کی گنجائش ہے، ماضی میں بھی پاک بھارت میچز کے دوران تل دھرنے کی جگہ نہیں ہوتی تھی۔ اب بھی یہی امکان ہے، یو اے ای میں مقیم پاکستانی اور بھارتی باشندوں کے ساتھ دیگر ممالک سے بھی بڑی تعداد میں شائقین دبئی آئیں گے، بھارتی ٹیم کے دیگر میچز میں بھی مداحوں کی بڑی تعداد پہنچے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی سی سی کی جانب سے ٹکٹوں کے نرخ اور فروخت کا شیڈول جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ بھارتی ٹیم اگر ناک آؤٹ میچز میں پہنچی تو پاکستان کی آمدنی پر فرق پڑے گا، خاص طور پر فائنل کا لاہور میں انعقاد نہ ہونا شائقین کیلئے بھی مایوس کن ہوگا۔

ادا کارہ نیلم منیر کی شادی کی تقریبات کا آغاز

نیلم منیر کی جانب سے مایوں کے موقع پر کراچی کے خوبصورت مقام پر فوٹو شوٹ کروایا گیا



کراچی (یو این پی) کراچی میں معروف پاکستانی اداکارہ نیلم منیر کی شادی کی تقریبات کا آغاز ہوگیا۔ نیلم منیر نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر اپنی رسم مایوں کی تصاویر پوسٹ کیں اور اپنی شادی کی تقریبات شروع ہونے کا بتایا۔ مایوں کی تصاویر میں نیلم منیر کو زرد رنگ کے جوڑے میں مہندی لگائے دیکھا جاسکتا ہے۔ ایک تصویر میں اداکارہ اپنی والدہ کے ساتھ خوشگوار موڈ میں نظر آرہی ہیں۔ نیلم منیر کی جانب سے مایوں کے موقع پر کراچی کے خوبصورت مقام پر فوٹو شوٹ کروایا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر صارفین کی جانب سے ان کی تصاویر کو لائیک کرنے کے ساتھ انہیں مبارک بادیں دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ یاد رہے کہ کئی مرتبہ نیلم منیر کی شادی کی افواہیں زیر گردش رہیں جس کے بعد اداکارہ نے ان افواہوں کی تردید کی۔

سوشل میڈیا پر تہلکہ: رنویر سنگھ کی نئی فلم کی جھلکیاں وائرل



ممبئی (یو این پی) مشہور بالی ووڈ اداکار رنویر سنگھ کی آنے والی فلم کی شوٹنگ کے دوران لی گئی تصاویر سوشل میڈیا پر لیک ہوگئیں۔ ان تصاویر میں رنویر سنگھ کو ایک سردار کے کردار میں دکھایا گیا ہے، جو جنگی ماحول میں مکمل تیار ہیں۔ فلم کی ہدایت کاری معروف فلم ساز آدتیہ دھر کررہے ہیں، اور اس فلم کا ممکنہ نام ''دھرندھر'' بتایا جارہا ہے۔ لیک شدہ تصاویر میں رنویر سنگھ کو ایک جانب پگڑی باندھے ہوئے سردار کے روپ میں دکھایا گیا، جبکہ دوسری تصاویر میں وہ لمبے بالوں کے ساتھ ایک جنگی رائفل تھامے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ یہ فلم جنگ کے پس منظر پر مبنی ہے۔

یشما گل کی بہن کی ڈھولکی میں ہانیہ عامر کا دھماکے دار ڈانس وائرل

ادکارہ ہانیہ عامر کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک بھی خوب جانا اور پسند کیا جاتا ہے

کراچی (یو این پی) پاکستانی معروف اداکارہ ہانیہ عامر کی اپنی دوست و اداکارہ یشما گل کی بہن عروب گل کی ڈھولکی پر شرکت کی تصویریں اور ویڈیو وائرل ہوگئیں۔ ہانیہ عامر پاکستان کی معروف اور باصلاحیت اداکارہ ہیں جنہوں نے بہت کم عرصے میں دیگر فنکاروں کے مقابلے میں بہت زیادہ شہرت حاصل کی ہے۔ اداکارہ ہانیہ عامر کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک بھی خوب جانا اور پسند کیا جاتا ہے۔ سوشل میڈیا پر ہانیہ عامر اس وقت پاکستان میں سب زیادہ فالو کی جانے والی اداکارہ ہیں جن کی ہر نئی پوسٹ کو بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ اداکارہ نے گزشتہ شب اپنی قریبی دوست یشما گل کی بہن کی ڈھولکی کی تقریب میں شرکت کی ہے۔ وائرل تصویروں میں اداکارہ کو انتہائی سادہ انداز، پاجامے اور ہڈی میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اسی تقریب کی



وائرل ہونے والی دیگر ویڈیوز میں ہانیہ عامر خوبصورت سبز رنگ کی چولی اور لہنگا زیب تن کیے ہوئے ہیں اور بھرپور ڈانس کررہی ہیں۔ ڈانس کے دوران اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ یشما گل اور دیگر دوستوں کو بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ اداکارہ ہانیہ عامر کے پہلے ہڈی میں ڈھولکی کی تقریب میں شرکت اور بعدازاں اپنے رقص سے ڈانس فلور پر آگ لگا دینے کے منفرد انداز کی سوشل میڈیا صارفین خوب تعریفیں کررہے ہیں۔

عائزہ کی شوہر دانش اور بچوں کیساتھ ڈانس کرنیکی ویڈیو نے دھوم مچادی

دونوں میاں بیوی اور ان کے بچے ایک انگریزی گانے پر ڈانس کررہے ہیں



کراچی (یو این پی) نامور پاکستانی اداکارہ عائزہ خان اور اداکارہ دانش تیمور کی اپنے بچوں کے ساتھ ڈانس ویڈیو نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ نیو ایئر کا جشن مناتے ہوئے عائزہ خان اور دانش تیمور کی ایک ویڈیو سامنے آئی ہے، جس میں دونوں میاں بیوی ایک انگریزی گانے پر ڈانس کررہے ہیں، جس میں ان کے دونوں بچے بھی ساتھ دے رہے ہیں، ویڈیو پوری فیملی کافی مست ہوکر ڈانس کررہی ہے۔ پاکستان کی معروف اداکارہ عائزہ نے خود انسٹاگرام پر یہ دلکش پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ 'بس ہم چار، میرے بچوں کے پسندیدہ گانے کے ساتھ ہزاروں یادیں موجود ہیں۔ جوڑے کے 7 سالہ بیٹے ریان کے پوز اور ڈانس نے صارفین اور اداکاروں کی بھی خوب توجہ حاصل کی، صارفین کی جانب سے ریان کے رقص پر دلچسپ تبصرے کیے گئے۔ دانش اور عائزہ کے بیٹے کی پرفامنس کو دیکھ کر کمنٹ سیکشن میں بھی تعریفوں کے انبار لگ گئے، ریان کی شاندار پرفارمنس نے نہ صرف مداحوں بلکہ کئی مشہور شخصیات کو بھی متوجہ کیا۔ ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ منال خان نے ویڈیو میں عائزہ کے بیٹے کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ 'ریان زبردست لگ رہا ہے'، اداکارہ حرا سومرو نے لکھا کہ 'ریان نے شو چرا لیا اور حورین بہت کیوٹ لگ رہی ہے، ماں باپ بھی ٹھیک ہی پرفارم کررہے ہیں'۔

شوبز عروج پر بالی ووڈ چھوڑنے والی اداکارہ آشکا کی دولت نے سب کو حیران کردیا

اداکارہ آشکا گوراڈیا نے اپنی شاندار اداکاری کیریئر کو خیرباد کہہ کر کاسمیٹک بزنس میں قدم رکھا



ممبئی (یو این پی) بھارتی ٹی وی انڈسٹری کی مشہور اداکارہ آشکا گوراڈیا نے اپنی شاندار اداکاری کیریئر کو خیرباد کہہ کر کاسمیٹک بزنس میں قدم رکھا۔ آج وہ اپنی کمپنی کی کامیابی کی بدولت کمائی میں کئی بالی ووڈ اداکاراؤں کو پیچھے چھوڑ چکی ہیں۔ آشکا گوراڈیا نے 2019 میں ٹی وی انڈسٹری چھوڑنے کے بعد 2020 میں اپنے دوستوں اشوتوش ولانی اور پریانک شاہ کے ساتھ رینی کاسمیٹکس کی بنیاد رکھی۔ صرف دو سالوں میں، ان کی کمپنی کی مالیت 100 ملین ڈالر یعنی 820 کروڑ روپے تک پہنچ گئی۔ آشکا گوراڈیا اس کمپنی کی ڈائریکٹر اور چیف مارکیٹنگ آفیسر ہیں۔ ان کی کمپنی کے پورٹ فولیو میں 200 سے زائد مصنوعات شامل ہیں، جو مختلف آن لائن پلیٹ فارمز پر دستیاب ہیں۔ گزشتہ سال کمپنی نے 25 ملین ڈالر کی فنڈنگ حاصل کی، اور اس کے بعد اس کی کل ویلیو ایشن 100 ملین ڈالر بتائی گئی۔ آشکا نے 2002 میں شواچانک 37 سال بعد سے ٹی وی انڈسٹری میں قدم رکھا اور مشہور ڈرامے سوم میں کُمند کا کردار ادا کیا۔ وہ کئی مشہور شوز جیسے سندور تیرے نام کا، میرے اپنے اور ویڑھ میں بھی جلوہ گر ہوئیں۔ انہوں نے 2019 میں شو ڈائن کے بعد اداکاری سے کنارہ کشی اختیار کی۔

یشما گل کی بہن کی ڈھولکی میں ہانیہ عامر کا دھماکے دار ڈانس وائرل

ادکارہ ہانیہ عامر کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک بھی خوب جانا اور پسند کیا جاتا ہے

کراچی (یو این پی) پاکستانی معروف اداکارہ ہانیہ عامر کی اپنی دوست و اداکارہ یشما گل کی بہن عروب گل کی ڈھولکی پر شرکت کی تصویریں اور ویڈیو وائرل ہوگئیں۔ ہانیہ عامر پاکستان کی معروف اور باصلاحیت اداکارہ ہیں جنہوں نے بہت کم عرصے میں دیگر فنکاروں کے مقابلے میں بہت زیادہ شہرت حاصل کی ہے۔ اداکارہ ہانیہ عامر کو نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک بھی خوب جانا اور پسند کیا جاتا ہے۔ سوشل میڈیا پر ہانیہ عامر اس وقت پاکستان میں سب زیادہ فالو کی جانے والی اداکارہ ہیں جن کی ہر نئی پوسٹ کو بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ اداکارہ نے گزشتہ شب اپنی قریبی دوست یشما گل کی بہن کی ڈھولکی کی تقریب میں شرکت کی ہے۔ وائرل تصویروں میں اداکارہ کو انتہائی سادہ انداز، پاجامے اور ہڈی میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اسی تقریب کی

وائرل ہونے والی دیگر ویڈیوز میں ہانیہ عامر خوبصورت سبز رنگ کی چولی اور لہنگا زیب تن کیے ہوئے ہیں اور بھرپور ڈانس کررہی ہیں۔ ڈانس کے دوران اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ یشما گل اور دیگر دوستوں کو بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ اداکارہ ہانیہ عامر کے پہلے ہڈی میں ڈھولکی کی تقریب میں شرکت اور بعدازاں اپنے رقص سے ڈانس فلور پر آگ لگا دینے کے منفرد انداز کی سوشل میڈیا صارفین خوب تعریفیں کررہے ہیں۔

ادا کارہ ریما پر کروڑوں کے فراڈ کا الزام، مقدمہ درج

شاہد رفیق نے دعوی کیا ہے کہ انہوں نے ریما خان کی فلم لو میں گم میں سرمایہ کاری کی تھی



لاہور (کلچرل ڈیسک) پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریما خان ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں، اس بار ایک شخص شاہد رفیق کی جانب سے ان پر فراڈ کے الزامات عائد کیے گئے ہیں جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ قطر میں ملازمت کرنے والے شاہد رفیق نے دعوی کیا ہے کہ انہوں نے ریما خان کی فلم لو میں گم میں سرمایہ کاری کی تھی تاہم ان کے ساتھ ریما کی جانب سے کروڑوں کا فراڈ کیا گیا ہے۔ شاہد رفیق کے مطابق 2009 میں وہ قطر سے لاہور واپس آئے تاکہ پراپرٹی خرید سکیں۔ اس دوران ان کی ملاقات ریما خان کی بہن، مائرہ خان سے ہوئی، جو ریئل اسٹیٹ کے کاروبار سے وابستہ تھیں۔ مائرہ نے انہیں فلم میں سرمایہ کاری کا مشورہ دیا اور منافع کی یقین دہانی کرائی جس پر وہ رضامند ہوگئے۔ شاہد کا کہنا ہے کہ مائرہ نے ان کی ریما خان سے ملاقات بھی کروائی، جس کے بعد شاہد نے پیسے منتقل کیے۔ تاہم مائرہ نے انہیں پلاٹس فروخت کرنے سے انکار کرتے ہوئے مزید رقم کا مطالبہ کیا۔ مذکورہ شخص نے بتایا کہ ریما نے انہیں ملائیشیا بلایا، جہاں فلم کی شوٹنگ جاری تھی۔ شاہد رفیق کا کہنا ہے کہ انہوں نے فلم مکمل کروائی لیکن مزید پیسے مانگنے پر انہوں نے اپنی رقم واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ شاہد رفیق کے مطابق ریما نے ان سے ایک معاہدہ کیا لیکن رقم واپس نہیں کی۔ شاہد کا دعوی ہے کہ ان کے پاس تمام ثبوت ہیں اور ریما پر کیس دائر کر رکھا ہے، تاہم ریما عدالت میں پیش نہیں ہو رہیں اور گزشتہ چار سال سے مقدمہ التوا کا شکار ہے۔

شرمیلا فاروقی کا حنا بیات کو سخت جواب، خواتین کے لباس پر تنقید بند کریں

پاکستانی اداکارائیں ہانیہ عامر اور یشما گل اپنی دوست کی شادی کی مہندی میں دھوم مچاتی نظر آئیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکارائیں ہانیہ عامر اور یشما گل اپنی دوست کی شادی کی مہندی میں دھوم مچاتی نظر آئیں۔ دونوں نے مختصر لباس پہنے اور اپنی دلکش حرکات وسکنات سے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ مہندی کی تقریب میں ہانیہ، یشما اور دنانیر کی ڈانس ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں، جنہیں مداحوں نے خوب پسند کیا۔ لیکن جیسے ہی ویڈیوز نے مقبولیت حاصل کی، کچھ لوگوں نے ہانیہ اور یشما کے لباس پر تنقید شروع کردی۔ اداکارہ حنا خواجہ بیات نے بھی تنقیدی تبصرہ کرتے ہوئے کہا، "کیا لوگوں کو تمیز نام کی چیز بھول گئی ہے؟" سابق رکن سندھ اسمبلی شرمیلا فاروقی نے حنا خواجہ بیات کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے انسٹاگرام اسٹوری پر لکھا، "خواتین کے لباس کی بنیاد پر ان کا فیصلہ کرنا بند کریں۔ اگر ایسا ہے تو تمام مردوں کو شیروانی پہننی چاہیے، نہ کہ سوٹ۔" شرمیلا نے مزید کہا کہ یہ 2025ء ہے، خواتین کو خود مختار رہنے دیں اور وہی پہننے دیں جو انہیں پراعتماد اور آرام دہ محسوس ہو۔



ادا کارہ نیلم منیر کی بارات کی خوبصورت تصاویر بھی وائرل ہوگئیں

ادا کارہ نیلم منیر نے بارات کی تصاویر میں سرخ رنگ کا لہنگا زیب تن کر رکھا ہے جو سنہری کام سے مزین ہے

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ و ماڈل نیلم منیر نے مہندی اور نکاح کی تصاویر شیئر کرنے کے بعد اب اپنی بارات کی تقریب کی خوبصورت تصاویر شیئر کردیں جو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ اداکارہ نے تصاویر اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر بارات کی تقریب کی متعدد تصاویر شیئر کردیں اور ساتھ ہی کیپشن میں لکھا کہ یہ سال میرے دل کو بتاتے رہے جب صحیح وقت آیا تو وہ ساری دعائیں آخرکار قبول ہوئیں۔ اداکارہ نیلم نے منیر نے بارات کی تصاویر میں سرخ رنگ کا لہنگا زیب تن کر رکھا ہے جو سنہری کام سے مزین ہے جبکہ ان کے شریک حیات نے روایتی آف وائٹ شیروانی کا انتخاب کیا ہے۔ بارات کی تصاویر میں جوڑا انتہائی دلکش انداز میں نظر آرہا ہے۔ اس سے قبل اداکارہ نے اپنی مہندی کی تقریب کی تصاویر شیئر کی تھیں جس میں انہوں نے زرد رنگ کا جوڑا پہنا تھا اور اس کے بعد نکاح کی تقریب میں انہوں نے سفید رنگ کا عروسی جوڑا زیب تن کیا تھا۔



کس عمر میں طلاق ہوئی اور بچوں کو کیسے سنبھالا؟ حنا دلپذیر کا انٹرویو وائرل



کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان شوبز کی معروف کامیڈین اداکارہ حنا دلپذیر نے انکشاف کیا ہے کہ 24 برس کی عمر میں ان کی شوہر سے علیحدگی ہوگئی تھی۔ حال ہی میں حنا اداکارہ و میزبان عائشہ عمر کے پوڈکاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے شوبز سمیت ذاتی زندگی کے مختلف موضوعات پر کھل کر گفتگو کی۔ حنا دلپذیر کا کہنا تھا کہ ان کی شادی کم عمر میں ہوئی لیکن شادی کے بعد بھی مشکلات کم نہ ہوئیں اور صرف 24 سال کی عمر میں ان کی طلاق ہوگئی جب وہ اپنے بیٹے کو جنم دے چکی تھیں جو صرف 3 سال کا تھا۔ حنا دلپذیر نے سنگل مدر ہونے کے بارے میں بھی بات کی اور بتایا کہ وہ کیسے اپنے بیٹے کو سمجھاتی تھیں کہ ان کا کام کیا ہے جب وہ چھوٹا تھا اور انہیں کام کیلئے جانا پڑتا تھا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ان کا بیٹا بہت سمجھدار اور ان کا سب سے بڑا سہارا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کے بیٹے مصطفیٰ نے کبھی بھی اپنی ماں کے اسٹارڈم کو اپنے مفاد کے لیے استعمال نہیں کیا اور انہیں اس پر فخر ہے۔ یاد رہے کہ حنا دلپذیر پاکستان کی بہترین اداکارہ ہیں جنہوں نے اپنے کیریئر متعدد ڈراموں اور فلموں میں کام کیا ہے اور وہ اپنے مزاحیہ کرداروں کی وجہ سے بیحد مقبول ہیں۔ ان کے مقبول ڈراموں میں قدوسی صاحت کی بیوہ، بلبلے، باندی اور یہ زندگی ہے شامل ہیں۔

مہوش حیات اور سنجے دت کی سیلفی وائرل، کیا نیا پروجیکٹ آنے والا ہے؟

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکارہ مہوش حیات اور بھارتی سپر اسٹار سنجے دت کی ایک ساتھ سیلفی نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی۔ مہوش نے یہ تصویر اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی، جس نے پاکستان اور بھارت دونوں ممالک کے مداحوں کی توجہ حاصل کر لی۔ مہوش اور سنجے دت کی تصویر دیکھ کر شائقین نے دونوں کے کسی ممکنہ پروجیکٹ میں ساتھ کام کرنے کی چہ گوئیاں شروع کر دی ہیں۔ حالانکہ ابھی تک کسی پراجیکٹ کی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی، مگر یہ تصویر شائقین کی امیدوں کو بڑھا رہی ہے۔

ڈریسنگ روم میں بابر اعظم کی انوکھی حرکت، ساتھی بھی ہنس پڑے

کھیل کے تیسرے روز ڈریسنگ روم میں بیٹھ کر بابر اعظم نے دوربین کی مدد سے کچھ دیکھنے کی کوشش کی



کیپ ٹاؤن (اسپورٹس ڈیسک) کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کے تیسرے روز بابر اعظم کی انوکھی حرکت کرنے کی ویڈیو سامنے آگئی جس پر ڈریسنگ روم میں بیٹھے ساتھی بھی ہنسی نہیں روک سکے۔ پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میں پاکستانی ٹیم فالو آن کا شکار تو ہوئی تاہم دوسری اننگز میں پاکستانی بلے بازوں نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا۔ کپتان شان مسعود نے 145 اور بابر اعظم نے 85 رنز بنا کر شاندار آغاز فراہم کیا اس کے بعد خرم شہزاد 18، کامران غلام 28، سعود شکیل 23 پر آٹ ہوئے۔ اس کے بعد محمد رضوان اور سلمان علی آغا نے بھی مزاحمت کی اور وہ اب تک کریز پر بالترتیب 37، 33 کے ساتھ ناٹ آٹ ہیں۔ اسٹار بلے باز اپنے ساتھی ساتھیوں کے ساتھ ڈریسنگ روم میں بیٹھے پرسکون نظر آئے اور انہوں نے شرارت بھی کی۔ مارکو جانسن کے 14 ویں اوور کے دوران بابر اعظم کو اپنی دوربین سے مشکوک خیز حرکت کی جس کو کیمرے نے محفوظ کرلیا۔

کرکٹ میں ایک بار پھر بگ تھری پر مشتمل منصوبہ بنانے پر غور

بھارت سے تعلق رکھنے والے آئی سی سی کے سربراہ جے شاہ نئی تجویز کے لیے متحرک ہوگئے

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) کرکٹ میں ایک بار پھر بگ تھری پر مشتمل منصوب

روزنامہ قوت
ایڈیٹر
امداداللہ قریشی
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض الحسن

گھریلو ٹوٹکے



بالوں کی قدرتی حسن برقرار رکھنے کیلئے سر کی مالش بے حد ضروری ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تیل کا صحیح انتخاب بھی بہت ضروری ہے بالوں کی مالش کیلئے آملے کا تیل سب سے اچھا ہوتا ہے بالوں کیلئے ناریل کا تیل اور روغن زیتوں بھی بہت مفید ہے کچی گھانی کا سرسوں کا تیل بھی بہت مفید ہے۔

روغن زیتون کو سردیوں میں استعمال کریں اگر باقاعدہ روغن زیتون میں مالش کی جائے تو بالوں میں چمک آئے گی قدرتی، رنگ قائم رہے گا۔

موم میں ناریل کا تیل ملا کر رات کو سونے سے پہلے ہاتھوں پر مل لیں۔ صبح نیم گرم پانی سے ہاتھ دھولیں۔ ایک ہفتہ میں آپ کے ہاتھ نرم ہو جائیں گے۔ ناریل کے تیل کے فوائد ساری دنیا میں مرد اور عورتیں اپنے سر کے بالوں کی نگہداشت کیلئے خصوصی اہتمام کرتے ہیں۔

خواتین تو اس کی متمنی ہوتی ہیں کہ ان کے بال لمبے، چمکدار، صحتمند اور رنگ اور بے جان ہوں تو بالوں کی جڑوں میں ہفتے میں ایک مرتبہ اچھی طرح ناریل کا تیل لگائیں

آدھا پاؤں بیسن آدھ پاؤ، ہلدی، ایک تولہ سنگترے کے خشک چھلکے ایک چھٹانک صندل سفید ایک تولہ۔ سب اشیاء کو باریک پیس کر آٹے میں ملا لیں اور کھلے منہ کی شیشی میں رکھ دیں ہر روز تھوڑا سا ابٹن لے کر پانی یا دودھ میں شامل کر کے لئی سی بنا لیں اور چکنائی کیلئے بالائی شامل کر لیں اور پندرہ منٹ تک خوب ملیں دوران خون کی تیزی سے آپ کا چہرہ تمتما اٹھے گا۔ دو ہفتہ بعد آپ اپنے چہرے میں حیرت انگیز تبدیلی پائیں گے اور کسی کریم کے استعمال کی ضرورت نہیں ہوگی۔

چہرے کی شادابی کے لیے صبح ناشتے سے پہلے ایک گلاس نیم گرم پانی میں ایک عدد لیموں کا رس پینے سے چہرہ شاداب رہتا ہے اور رنگت نکھرتی ہے اور معدہ درست رہتا ہے۔

بالوں کی قدرتی حسن برقرار رکھنے کیلئے سر کی مالش بے حد ضروری ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تیل کا صحیح انتخاب بھی بہت ضروری ہے بالوں کی مالش کیلئے آملے کا تیل سب سے اچھا ہوتا ہے بالوں کیلئے ناریل کا تیل اور روغن زیتون بھی بہت مفید ہے کچی گھانی کا سرسوں کا تیل بھی بہت مفید ہے۔

روغن زیتون کو سردیوں میں استعمال کریں اگر باقاعدہ روغن زیتون میں مالش کی جائے تو بالوں میں چمک آئے گی قدرتی، رنگ قائم رہے گا۔

پیروں کو نظر انداز نہ کریں ہم میں سے بیشتر لوگ اپنے پیروں کو نظر انداز کرتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال سے یکسر بے گانہ رہتے ہیں، حالاں کہ صحت مند پاؤں نشست و برخاست اور اٹھنے بیٹھنے کے انداز کو بہتر بناتے ہیں۔ پیروں کی بنیادی صحت اور فٹنس کا انحصار ان کی قوت اور لچک پر ہے۔ اس سلسلے میں چند خصوصی ورزشیں حیرت انگیز نتائج دیتی ہیں۔ آکو پنکچر اور آکو پریشر میں پیروں کو پورے جسم کا ہیڈ کوارٹر قرار دیا جاتا ہے اور تقریباً تمام امراض کا علاج پیروں میں موئیاں لگا کر اور مخصوص پریشر کو ایک خاص ترکیب سے دبا کر کیا جاتا ہے جس کے حیرت انگیز نتائج سامنے آئے ہیں۔ پیروں سے متعلق زیادہ تر مسائل ان کے غلط استعمال کے باعث پیدا ہوتے ہیں۔ اگر پیروں کے عضلات مناسب شکل میں نہیں ہیں، تو ان میں درد ہو سکتا ہے جوڑوں کی تکلیف لاحق ہو سکتی ہے اور ہڈیوں کو جوڑنے والی رگوں اور عضلات میں ٹوٹ پھوٹ کا عمل شروع ہو جاتا ہے یہ صورتحال اس وقت سامنے آتی ہے، جب دوڑ لگائی جائے کوئی کھیل کھیلا جائے یا رقص کیا جائے۔ ماہرین صحت نے پیروں کو صحت مند، طاقت ور اور لچک دار بنانے کیلئے کچھ ورزشیں پیش کی ہیں جن پر عمل پیرا ہونے سے پیروں کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ ان ورزشوں کی چند روزہ مشقوں کے بعد پیر اس قابل ہو جاتے ہیں کہ کھیل کود، دوڑ بھاگ اور رقص کے دوران انہیں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔

ورزش نمبر 1

فرش پر ایک تولیا پھیلائیے۔ اس پر ننگے پاؤں کھڑے ہو جائیں۔ اب نیچے سے تولیے کو پکڑ کر اسے اوپر اٹھانے کی کوشش کیجئے۔ یہ ورزش پیروں کی مجموعی قوت میں اضافے کا باعث بنے گی۔

ورزش نمبر 2

اپنے پیروں کو سیدھا رکھیے۔ پھر تولیے کو اپنے نیچے سے آگے کی جانب سرکانے کی کوشش کیجئے۔ تولیے کو پہلے دائیں جانب کھسکائیے پھر بائیں جانب۔ اس ورزش سے پیروں کے اندرونی اور بیرونی عضلات مستحکم ہوں گے اور ٹخنے کی موچ یا درد سے نجات بھی ملے گی۔

ورزش نمبر 3

اپنے گھٹنوں اور ٹخنوں کو پھیلا لیں اور پنجوں سے اوپر اٹھائیں۔ اس کے بعد آہستہ آہستہ اپنی ایڑیوں کو بھی اوپر اٹھائیے یہ ورزش تقریباً 20 بار کیجئے۔ اس کے نتائج بھی حیرت انگیز اہمیت کے حامل ہیں آزمائش شرط ہے۔

ورزش نمبر 4

اپنے پنجوں کو تھام لیں اور ٹخنوں کو آگے پیچھے حرکت دیں۔ اس دوران ہاتھوں کی انگلیوں سے ایڑی کا مساج کریں، پھر ٹخنوں سے ایڑی کی جانب جائیے اور پیروں کو انگلیوں کی جانب حرکت دیں۔ اس کے بعد واپس ایڑی کی جانب جائیں۔ نرمی کے ساتھ اپنے پنجوں کو اوپر اٹھائیں اور دائیں بائیں آہستگی سے موڑیں۔ پھر اپنی ہتھیلیوں سے پیروں کو دبائیں یہ عمل آہستگی سے کریں۔ ہاتھوں کو گول گول گھمائے ہوئے ٹخنوں سے نیچے کی جانب اور پھر نیچے سے ٹخنے کی جانب آئیے۔ یہ ورزش مساج پر مشتمل ہے، اسے کرنے کے بعد بہت بہتر محسوس کریں گے۔ یہ ایک بہترین ورزش ہے اس ورزش کے بعد ٹب میں گرم پانی ڈال کر اس میں تھوڑا سا بیکنگ پاؤڈر یا نمک ملا لیں۔ پھر اس پانی میں اپنے دونوں پیروں کو کچھ دیر کے ڈبوئے رکھیں۔ اس سے پیروں کی تھکن دور ہوتی ہے۔ اور سکون ملتا ہے۔

ورزش نمبر 5

کرکٹ یا ٹینس کی بال پر اپنے تلوے رکھیے اور اس طرح بال کو رول کرتے رہیں۔ یہ بھی ایک بہت ہی عمدہ ورزش ہے جس سے آپ کو فوراً ہی فرحت کا احساس ہوگا۔ ورزش کے دوران تنگ جوتے نہ پہنیں پنجوں کی جانب سے جوتا پیروں کی سب سے آسان اور بہترین ورزش تیز پیدل چلنا ہے۔ ورزشوں کے دوران کوئی تکلیف محسوس ہو یا ان میں کوئی افاقہ محسوس نہ ہو، تو پھر اپنے معالج سے ضرور رجوع کریں۔ اسی طرح دوڑنے بھاگنے یا ورزش کرتے ہوئے جس لمحے کسی درد یا تکلیف کا احساس ہو تو فوراً رک جائیے اور آرام کیجئے۔ جہاں چوٹ لگنے کا

پاؤں کا مساج



اجزاء:

ہرا دھنیا-ایک گڈی
پودینہ-ایک گڈی
ہری مرچ-دس عدد
بادام (چھلے ہوئے)-پندرہ عدد
ناریل پاؤڈر-ڈھائی کھانے کے چمچ
ادرک لہسن-ایک کھانے کا چمچ
دہی-ایک کپ
مرغی-انیس سے بیس ٹکڑے
پیاز-درمیانی، تین عدد
تیل-آدھا کپ
نمک-حسب ذائقہ
پانی-آدھا کپ
لال آلو-تین عدد
تیز پات-ایک عدد
کیوڑا-ایک کھانے کا چمچ
گرم مصالحہ-آدھا چاؤ کا چمچ
باسمتی چاول-دو مگ



بریانی تاریخی شہر لاہور میں عمران قریشی اور آمنہ خالد کے گھر پر کھائی تھی۔ اس لذیذ بریانی کے پہلے ہی لقمے نے مجھے اپنا شیدائی کر لیا اور میرے عزیز میزبانوں نے اس اسٹائل کی بریانی کے لئے مجھے کچھ ٹوٹکے بھی بتائے جس میں،

میں نے اپنی تحقیق، تجربے اور چند اجزاء کا اضافہ کیا اور ایک سالگرہ ڈنر کے لئے تیار کیا۔ سبھی کو یہ لذیذ بریانی بہت پسند آئی، تو پیش ہے میرے کچن سے آپ کی خدمت میں۔

ترکیب:

پیاز باریک کاٹ کر گرم تیل میں سنہرا ہونے تک تل لیں، آدھی پیاز الگ رکھ کر، باقی میں ادرک لہسن اور چکن شامل کر کے تیز آنچ پر کچھ دیر پکائیں-ایک بلینڈر میں دھنیا، پودینہ، ہری مرچ، بادام اور ناریل کے ساتھ پانی ڈال کر اچھی طرح پیس لیں-پیس لینے کے بعد یہ مکسچر، دہی اور نمک چکن میں شامل کر لیں- اب چھلے ہو آلو کے ٹکڑے بھی اس میں شامل کر دیں، اگر مصالحہ خشک ہونے لگے تو تھوڑا پانی ڈال دیں، درمیانی آنچ پر چکن اور آلو گل جانے تک پکائیں-ایک الگ برتن میں آٹھ سے دس مگ پانی میں تیز پات، دس سے بارہ کالی مرچ، پانچ سے دس لونگ، پانچ چھوٹی الائچی، ایک بڑی الائچی، ایک دار چینی ڈال کر ابالیں- اس ابلتے پانی میں پہلے سے بھگوئے ہوئے چاول شامل کر کے دو کنی تک ابالیں، چاول مکمل طور پر دم کے دوران پکے گا- چاولوں کو پانی سے نکال کر پتیلی میں چاولوں کی تہہ بچھائیں، اس پر چکن کی تہہ بچھا دیں اور اس کے بعد ایک اور تہہ چاولوں کی بچھائیں-اوپر سے گرم مصالحہ، کیوڑا اور تلی ہوئی پیاز ڈال کر اچھی طرح پتیلی بند کر دیں-

تیز آنچ پر پانچ منٹ اور ہلکی آنچ پر پندرہ منٹ دم پر رکھیں، دس منٹ ٹھہر کر کھانے کے لئے پیش کریں-

فیس لوشن



مارکیٹ میں مختلف قسم کے لوشن دستیاب ہیں۔ جسم کے مختلف حصوں کے لئے مختلف قسم کے لوشن استعمال کئے جاتے ہیں۔ مثلاً چہرہ کے لئے کلینزنگ لوشن، فریشنز، ایسٹرنجنٹ لوشن، مونچھوں کے لئے آفٹر شیو لوشن، ہاتھوں کے لئے ہینڈ لوشن، جسم کے لئے سن ٹین لوشن، مہاسوں کے لئے اینٹی ایکنی لوشن وغیرہ۔

اس مضمون میں ہم مارکیٹ میں دستیاب مختلف قسم کے لوشنوں کا تجزیہ کر کے دیکھیں گے کہ ان کا مصروف کیا ہے، وہ ہماری روزمرہ کی زندگی میں کیا اہمیت رکھتے ہیں اور ہمیں کیا فائدہ پہنچاتے ہیں؟

کلینزنگ لوشن

کلینزنگ لوشن چہرہ کی صفائی کے لئے بہت مقبول ہو چکے ہیں، خاص طور سے پلاسٹک کی بوتلوں کے متعارف ہونے کے بعد ان مقبولیت میں زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ مقبولیت کی ایک دوسری وجہ یہ ہے کہ کریم کے مقابلہ میں یہ زیادہ آسانی سے اور ہموار طریقہ سے لگائے جا سکتے ہیں۔ کریم کی مانند لوشن کو موٹی تہہ میں لگانے کی ضرورت نہیں۔ اس لئے یہ زیادہ سستے اور باکفایت پڑتے ہیں۔ یہ لوشن عام طور سے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ پہلی قسم ایملشن یا ڈیزجنٹ اور پانی محلول ہے اور دوسری قسم پانی اور روغنیات کا ایملشن ہے۔ لوشن کا مستحکم یا پائیدار بنانا ایک مسئلہ ہے، اور اسی لئے ان کی تیاری میں بہت سی مشکلات پائی جاتی ہیں۔ تیار کرتے وقت ان کے اجزاء کو متوازن رکھنا بہت ضروری ہے۔ ان کے تناسب کی ذرا سی بھی تبدیلی لوشن کو ناپائیدار بنا دیتی ہے۔ ان کی چپ چپاہٹ کو کنٹرول کرنا بھی پیچیدہ مسئلہ ہے۔ خاص طور سے تیل اور پانی کے محلول والے کلینزنگ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ زیادہ ہو جاتے ہیں اور وہ قابل استعمال نہیں رہتے۔

ایسٹرنجنٹ میں موما اموں، بورک ایسڈ، پھٹکری، مینتھال اور اس جیسی دوسری اشیاء شامل کی جاتی ہیں۔ ان کے استعمال سے آپ کی جلد تازگی محسوس کرتی ہے اور اس میں سختی آ جاتی ہیں۔ ایسٹرنجنٹ کو بھی مختلف اقسام میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ مثلاً پور لوشن، ریفائننگ لوشن اور ٹونر وغیرہ۔ اس کا مقصد آپ کو اس بات پر قائل کرنا ہے کہ یہ الکحل کے مقابلہ میں زیادہ بااثر ہیں اور انہیں مختلف مقاصد کے لئے بنایا گیا ہے۔ اچھے معیاری ایسٹرنجنٹ کے استعمال سے آپ کو اپنے مسام سکڑ کر چھوٹے محسوس ہوں گے چنانچہ چکنی جلد کے لئے یہ بہت فائدہ مند ہیں۔ یہ جلد کی سطح سے بڑے ڈرامائی انداز میں تیل اور گریس کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں، اور اسی لئے چکنی جلد کے لئے مفید ہیں۔ بوتل کے لیبل پر بھی گئی تحریر کے برعکس آپ کو یہ ایسٹرنجنٹ پورے چہرے پر لگانے کی ضرورت نہیں۔ انہیں صرف مخصوص مقامات پر لگانا چاہئے۔ البتہ اگر آپ کا پورا چہرہ چکنا ہے تو دوسری بات ہے۔ ایک بات ضرور ذہن نشین رکھیں، وہ یہ کہ اگر چہ ایسٹرنجنٹ چکنا ہٹ کو دور کرتے ہیں، لیکن ان کا اثر محض عارضی ہوتا ہے کیونکہ وہ جلد کے نیچے چکناہٹ پیدا کرنے والے غدود کی کارکردگی پر اثر انداز نہیں ہوتے۔ ان میں موجود الکحل مساموں کو تنگ کرتے وقت جلد پر جلن کا احساس بھی پیدا کرتے ہیں، الکحل میں موجود بخارات بن کر اڑ جانے کی صفت کے باعث آپ کو جلد پر ٹھنڈک اور تازگی کا احساس ہوتا ہے۔ ایک احتیاط ضروری ہے وہ یہ کہ ایسٹرنجنٹ کا ضرورت سے زیادہ استعمال جلد میں خشکی پیدا کرتا ہے، جو ایک تکلیف دہ عمل ہے۔ خوشبو والا ایسٹرنجنٹ آپ گھر پر بھی تیار کر سکتی ہیں۔ نیبو کا چھلکا لے کر تھوڑے سے الکحل میں پیس لیں اور اس میں کوئی خوشبو ملا کر ویچ ہیزل کی بوتل میں رکھ لیں۔ گھر میں تیار ہونے والے اور کمرشل سطح پر بازار میں ملنے والے ایسٹرنجنٹ میں صرف خوشبو اور پیکنگ کا فرق ہوتا ہے۔

ٹوننگ لوشن

آپ کی جلد کے لئے ٹوننگ ضروری ہے۔ اس کے استعمال سے جلد کے مسام تنگ ہو جاتے ہیں۔ جلد میں جان پڑ جاتی ہیں۔ اس میں تازگی آ جاتی ہے، اور جلد پر پڑی ہوئی لکیریں اور جھریاں عارضی طور پر کم نمایاں ہونے لگتی ہیں۔ ان اثرات کو حاصل کرنے کے لئے مختلف اقسام کی جلدوں کے لئے مختلف اقسام کے ٹوننگ لوشن مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔ فریشنر فریشنر بھی ایک لحاظ سے ایسٹرنجنٹ سے مشابہ ہیں، کیونکہ ان میں بھی الکحل شامل ہے۔ لیکن خفیف مقدار میں۔ نارمل اور خشک جلد کے لئے ایسٹرنجنٹ کے مقابلہ میں فریشنر کا استعمال بہتر ہے، کیونکہ اس الکحل کی مقدار بہت کم ہوتی ہے یا بالکل نہیں ہوتی۔ فریشنر کا اثر بھی جلد پر وہی پڑتا ہے جو ایسٹرنجنٹ کا ہوتا ہے۔ یہ بھی جلد میں ٹھنڈک پیدا کرتے ہیں، اس میں تازگی آتی ہے اور اسے تان کر سخت بنا دیتے ہیں۔

کلیرے فائینگ لوشن

کلیرے فائینگ لوشن بھی ایک قسم کا ٹونر ہوتا ہے۔ اس کے لگانے سے جلد کی اوپری سطح پر پائے جانے والے مردہ خلئے اور میل کچیل صاف ہونٹ ہمارے چہرے کا سب سے بڑا حساس، خوبصورت اور پر کشش حصہ ہیں اور چہرے کی خوبصورتی اور بشاشت اور تازگی میں جو کردار ہونٹ ادا کرتے ہیں وہ چہرے کا کوئی اور عضو نہیں کر سکتیں۔ میک اپ کا پہلا مرحلہ چہرے کے فالتو اور نظر آنے والے بالوں سے نجات حاصل کرنا ہے اس مرحلے کو "تھریڈنگ" کہتے ہیں اگر چہرے پر فالتو بال کم ہیں یا جلد کی رنگت کے مطابق ہیں تو بلیچنگ پر اکتفا کر لیں۔ تمام باریک اور فالتو بال نظر آنا بند ہو جائیں گے۔ تھریڈنگ کے بعد معیاری بلیچنگ کریم کے استعمال سے چہرے کی جلد کو مزید خوبصورت بنایا جا سکتا ہے تھریڈنگ اور بلیچنگ کے بعد چہرے کی کلینزنگ اور مساج انتہائی اہم ہے۔ غیر معیاری کلینزنگ ملک یا کریم چہرے کی جلد کے نازک مسام خراب کر سکتی ہے۔ تولیے کی بجائے چہرے کو خشک کرنے کے لئے ٹشو پیپر کو ترجیح دیں۔ کریم یا لوشن لگانے کے لئے صاف ستھری روئی کا استعمال کرنا چاہیے۔ ماسک لگاتے ہوئے آنکھوں کو بچائے رکھیں۔ عام طور پر خواتین گھر میں میک اپ کرتے ہوئے گردن اور نظر آنے والے جسم کے حصوں کو نظر انداز کر دیتی ہیں۔ گردن، بازو اور ہاتھوں کی جلد کی رنگت کو چہرے کی رنگت سے قریب تر رہنا چاہیے۔ بازوؤں اور ہاتھوں پر فالتو بالوں کو صاف کرنے کے لئے ویکسنگ یا تھریڈنگ کے آپشن کو استعمال کریں۔ گردن پر کلینزنگ ملک کا استعمال کر کے اسے چہرے کے رنگ سے قریب تر لایا جا سکتا ہے۔ کلینزنگ کے بعد گردن پر بھی ماسک کا استعمال کر لیا جائے

میک اپ

دلہن کی تیاری کا اہم



دلہن کا میک اپ شادی کی تقریب کا اہم ترین مرحلہ ہے بہتر یہ ہے کہ اس خاص موقع کے لئے کسی ماہر بیوٹیشن کی خدمات حاصل کی جائیں، اگر میک اپ گھر میں کرنا چاہتی ہیں تو میک اپ کے لئے کم و بیش 9 مراحل ہیں۔ جن کا خیال رکھے بغیر آپ اچھا میک اپ نہیں کر سکتیں۔ میک اپ چکنی اور ہموار ہو جاتی ہے۔ اس میں شامل اجزاء کے نام یہ ہیں۔ پانی، الکحل، گلیسرین اور کیمیائی شے جو کیراٹین کو کاٹ کر صاف کر دیتی ہے۔ کیراٹین وہ شے ہے جو جلد کے بالائی حصہ کی تشکیل کرتی ہے۔

خوبصورت ہونٹ



خواتین قدرتی گلابی ہونٹ کالے پڑ جاتے ہیں اور ان پر بال نکال آتے ہیں جن سے ہونٹوں کی خوبصورتی ماند پڑ جاتی ہے، اگر چہ ہونٹوں کو خوبصورت بنانے کیلئے لپ اسٹک استعمال کی جاتی ہے، لیکن ہونٹوں پر سے کالا پن دور کرنے اور بال ختم کرنے کے کئی طریقے بھی موجود ہیں۔ ہونٹوں پر بال نکل آنے سے ان کی خوبصورتی اور دلکشی یقینا متاثر ہوتی ہے لیکن ایسی صورت میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ ویکس یا تھریڈنگ کے ذریعے آسانی سے ہونٹوں پر سے بال دور کئے جا سکتے ہیں اس کے علاوہ اگر آپ کے ہونٹوں پر کالا پن پیدا ہو گیا ہو تو انہیں دوبارہ گلابی بنانے کیلئے ناریل کے تیل میں لیموں ملا کر رکھ لیں اور ان میں کئی مرتبہ اسے ہونٹوں پر لگائیں اور روزانہ ایک قندھاری انار ضرور کھائیں لیکن معدے کو خراب نہ ہونے دیں۔ اگر ہونٹ پھٹے ہوئے ہوں تو بہت متاثر کرتے ہیں اگر آپ کے ہونٹ پھٹ گئے ہوں تو تھوڑا سا شہد لے کر چند قطرے لیموں کے ڈال کر پندرہ منٹ تک ہونٹوں پر لگائیں پھر دھو کر بالائی لگائیں یہ بعد نیم گرم پانی سے منہ صاف کر لیں۔ ہونٹوں میں قدرتی سرخی پیدا کرنے کیلئے روزانہ رس دار پھلوں کا رس استعمال کریں اس کے علاوہ بالائی بھی پھٹے ہوئے ہونٹوں لئے کیلئے مفید رہتی ہے۔ ہونٹوں کو خوبصورت زعفران ذرا سا پیس کر بنانے کیلئے چند مفید ٹپس بالائی میں ملا کر ہونٹوں پر لگائیں۔ مندرجہ ذیل ہیں! ہونٹوں چھ منٹ کے بعد صاف کر لیں۔ اس طرح کو سنہری اور دلاویز ہونٹ نرم بھی رہیں گے۔ اور سرخی چہرے کو بنانے کیلئے لپ کیسا حسن عطا کرتی ہے۔ ہونٹوں کے بل دور اسٹک استعمال کرنے کیلئے کچے دودھ کی کریم سوتے وقت کرنے سے ہونٹوں پر لگائیں اس کے علاوہ روغن زیتون پہلے تھوڑی سی اور مغفرتر بوز بھی استعمال کئے جاتے ہیں ان کو فاؤنڈیشن پیس کر روغن بادام میں ملا کر رات کو ہونٹوں پر ضرور لگا لینی لگائیں اور صبح کو دھو لیں۔ ہونٹوں کو پتلا اور چاہئے۔ اس خوبصورت بنانے کیلئے پسی ہوئی سفید سے وہ ناگوار گلاب عرق اور چار قطرے لیموں کا عرق لیں لائنیں غائب ہو اور ان تینوں کو ملا کر دن میں دو تین مرتبہ اور جائیں گی۔ جو رات کو سوتے وقت لگائیے۔ اس طرح سے بڑھتی ہوئی عمر کی ہونٹ نہ صرف پتلے اور خوبصورت ہوں گے نشاندہی کرتی بلکہ ان کا کالا پن بھی دور ہو جائیگا۔ ہونٹوں ہیں۔ ہونٹوں پر لپ اسٹک پر قدرتی لالی لانے کا ایک اور طریقہ کار زیر نظر ہمیشہ چہرے کی رنگت اور لباس ہے روزانہ رات کو ہونٹوں پر زعفران لگائیں کی رنگ سے میچ کرتی ہوئی لگائیں اور پانچ منٹ کے بعد دھو ڈالیں۔ چند دنوں ورنہ لپ اسٹک کا مناسب شیڈ اچھے میک اپ تک ایسا کرنے سے آپ کے ہونٹوں پر کو بھی خراب کر دیگا جو کہ آپ کی خوبصورتی کو قدرتی لالی آجائے گی اور آپ کو لپ اسٹک بے حد متاثر کریگا۔ ہونٹوں پر قدرتی لالی لانے لگانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

شکایت معدے کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے اس لئے معدے کو درست رکھیں یا دن میں دو تین بار سنگترے کے چھلکے کا رس ہونٹوں پر لگاتے رہے گا۔ ایک گھنٹے کے

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعرات 9 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں لکھے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1 — توتیا پلی بھی ہوں، حسان نیازی بانی پلی بی آئی کا ہمارا دیکل بھی ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ تنقید کے دائرے میں بھی سیاسی مخالفت ہوسکتی ہے، کون کیا کھاتا ہے کوئی ہمارے کا سامان کرا رہے فیصلے آپ نے کرنے ہیں، کوئی سیاست بھی کوئی کتنی ہے کی ہے اس کا باپ چین نہ لینے دو۔ ذیرعالی پنجاب نے پنجاب یونیورسٹی بازار کا نام تبدیل کرکے ''آپ کا بھائی'' کی بھی ہے، سیاسی اختلاف کیلئے جناح ہاؤس کا حملہ کیا گیا، ہم آپ کا بھائی ہے کہ اس کے ساتھ ہیں، سیاسی اختلاف کیلئے کرین بھی ہے، سیاسی اختلاف کیلئے گرین بلڈس کو اس لئے توڑنے کی ضرورت نہیں۔ ان ہوں، سنی سنائی باتوں پر آپ کسی پر کیچڑ نہ اچھالیں، کریں، دوسروں کے بچوں کو ہتھیار نہ بنائیں، ہمارے بچوں نے پڑھائے ہیں، آپ کے بچے ہیں، ہم نے پاکستان کی خاطر اپنے بچوں کی جانیں قربان کی ہیں، ہم نے دہشت گردی کے خلاف اس آگ کو بجھایا ہے، سیاسی اختلاف کیلئے ہمارے گھر پر حملہ کرنا کہاں کا انصاف ہے، ہم نے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑی ہے، ہم نے اپنے بچوں کی قربانیاں دی ہیں، ہم نے اپنے بچوں کو کھویا

صوفیائے مذہب و مسلک کی تفریق سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت کی نئی ڈمیشن سنگھ

سکھ مذہب کی تاریخ حضرت میاں میرؒ اور حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی، صوبائی وزیر اقلیتی امور صوفیاء نے اپنی تعلیمات کے ذریعے مذہبی رواداری کو فروغ دیا، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی گفتگو



محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام الحمرا آرٹس کونسل میں جاری صوفی فیسٹول میں صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار ڈمیشن سنگھ اور وکو سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری پارٹی کارڈ پیش کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام الحمرا آرٹس کونسل میں جاری صوفی فیسٹول میں صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار ڈمیشن سنگھ اور وکو سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے صوفیائے مذہب و مسلک کی تفریق سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت کی نئی ڈمیشن سنگھ سے ملاقات کی۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے صوفیائے مذہب کی تاریخ حضرت میاں میرؒ اور حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے ذکر کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی، صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار ڈمیشن سنگھ اور وکو سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی گفتگو صوفیاء نے اپنی تعلیمات کے ذریعے مذہبی رواداری کو فروغ دیا، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی گفتگو

محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام الحمرا آرٹس کونسل میں جاری صوفی فیسٹول میں صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار ڈمیشن سنگھ اور وکو سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری پارٹی کارڈ پیش کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے

لاہور (خبر نگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سننے کے بعد فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ملازمین اور انکے اہل خانہ نے اس آئی جی شرافت علی کی سنیارٹی سے متعلق درخواست پر آئی جی وی ویلفیئر (بقیہ نمبر 48)



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبر نگار) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے بعد فوری ریلیف کیلئے ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو احکامات جاری کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ملازمین اور انکے اہلخانہ نے اس آئی جی شرافت علی کی سنیارٹی سے متعلق درخواست پر آئی جی پنجاب سے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس

وزیراعلیٰ پنجاب کی آمد پر سرگودھا یونیورسٹی میں چھٹی کا اعلان

سرگودھا یونیورسٹی میں جاری تمام شعبہ جات کے فائنل ٹرم کے پرچے ملتوی کر دیے گئے

سرگودھا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی آمد پر سرگودھا یونیورسٹی میں چھٹی کا اعلان کر دیا گیا۔ سرگودھا یونیورسٹی میں جاری تمام شعبہ جات کے فائنل ٹرم کے پرچے ملتوی کر دیئے گئے، پرچہ جات کے شیڈول کا اعلان دوبارہ کیا جائے گا۔ امتحان ملتوی ہونے سے طلبہ و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے آج یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے دوران ہونہار طلبہ (بقیہ نمبر 55)

ملک میں حکومت نہیں مہنگائی کی رٹ قائم ہے، جے یو آئی

عوام کو کچھ کھانے کی بجائے تجربہ کار حکومت کی کارکردگی صرف اشتہارات تک ہی نظر آتی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام (ف) مفتی محمود اسمبلی لاہور کا اجلاس طلب کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ تحریری مطالبہ جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاعت، سالار سواتا محمد عمید، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، عبدالرؤف فرید الوارثی، راشد محمود سومرو، ہمایوں عزیز چغتائی، ڈاکٹر ہدایت اللہ، ڈاکٹر شاہ نواز کاکڑ، ڈاکٹر عبدالغفور حیدری، مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالحلیم ہزاروی، مولانا عبدالقیوم ہزاروی، مولانا عبدالحق ہاشمی، مولانا عبدالرؤف فرید الوارثی، مولانا عبدالرحمان اشرفی، مولانا عبدالرحمان باچا، مولانا عبدالرحمان محمدی، مولانا عبدالرحمان لدھیانوی، مولانا عبدالرحمان مدنی، مولانا عبدالرحمان یوسفزئی، مولانا عبدالرحمان اشرفی، مولانا عبدالرحمان سلفی، مولانا عبدالرحمان حقانی، مولانا عبدالرحمان مکی، مولانا عبدالرحمان ہزاروی، مولانا عبدالرحمان ہزاروی، مولانا عبدالرحمان ہزارو